لِقَآئِكَ فِيْ غَيْرِ ضَرَّآءَ مُّضِرَّةٍ وَّلَا فِتْنَةٍ مُّضِلَّةٍ

بلا کسی تکلیف دہ مضرت کے اور بلا لغزش میں ڈال دینے والے فتنہ کے

وَّاَعُوْذُبِكَ اَنْ اَظْلِمَ اَوْ اُظْلَمَ اَوْ اَعْتَدِيَ اَوْ يُعْتَدٰى

اور تیری پناہ مانگتا ہوں اس سے کہ ظالم بنوں یا مظلوم بنوں یا کسی پر زیادتی کروں یا مجھ پر کوئی

عَلَيَّ اَوْ اَكْسِبَ خَطِيْئَةً اَوْ ذَنْبًا لَّا تَغْفِرُهٗ

زیادتی کرے یا ایسی خطا یا گناہ کا ارتکاب کروں جسے تو معاف نہ فرمائے

اَللّٰهُمَّ فَاطِرَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ عَالِمَ الْغَيْبِ

اے اللہ پیدا کرنے والے آسمانوں اور زمین کے جاننے والے

وَالشَّهَادَةِ ذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ فَاِنِّيْ اَعْهَدُ

غائب و حاضر کے صاحب جلال و اکرام میں تجھ سے عہد کرتا ہوں

اِلَيْكَ فِيْ هٰذِهِ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَاُشْهِدُكَ وَكَفٰى بِكَ

اس دنیوی زندگی میں اور تجھے گواہ بناتا ہوں اور بس تیری گواہی کافی ہے

شَهِيْدًا اَنِّيْ اَشْهَدُ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ وَحْدَكَ

کہ میں دل سے اقرار کرتا ہوں کہ تیرے سوا کوئی معبود نہیں تو اکیلا ہے

لَا شَرِيْكَ لَكَ لَكَ الْمُلْكُ وَلَكَ الْحَمْدُ وَاَنْتَ

تیرا کوئی شریک نہیں تیرا ہی سب ملک ہے اور تیرے ہی لئے ہر تعریف ہے اور

عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ وَّاَشْهَدُ اَنَّ سَيِّدَنَا مُحَمَّدًا

تو ہر چیز پر قادر ہے اور میں اقرار کرتا ہوں کہ سیدنا محمد صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم

عَبْدُكَ وَرَسُوْلُكَ وَاَشْهَدُ اَنَّ وَعْدَكَ حَقٌّ

تیرے بندے اور تیرے پیغمبر ہیں اور میں دل سے اقرار کرتا ہوں کہ تیرا وعدہ سچا ہے

وَّلِقَآئَكَ حَقٌّ وَّالسَّاعَةُ اٰتِيَةٌ لَّا رَيْبَ فِيْهَا وَاَنَّكَ

اور تجھ سے ملنا برحق ہے اور قیامت آنے والی ہے جس میں کوئی شبہ نہیں اور

تَبْعَثُ مَنْ فِي الْقُبُوْرِ وَاَنَّكَ اِنْ تَكِلْنِيْ اِلٰى نَفْسِيْ

بے شک جو قبروں میں ہیں تو انہیں اٹھائے گا اور بے شک اگر تو مجھے میرے نفس کے حوالہ کر دے گا

تَكِلْنِيْ اِلٰى ضَعْفٍ وَّعَوْرَةٍ وَّذَنْبٍ وَّخَطِيْئَةٍ

تو تو مجھے کمزوری اور خلل اور گناہ اور قصور کے حوالہ کر دے گا

وَاَنِّیْ لَا اَثِقُ اِلَّا بِرَحْمَتِكَ فَاغْفِرْلِیْ ذُنُوْبِیْ كُلَّهَا

اور بے شک میں تیری رحمت پر ہی بھروسہ رکھتا ہوں پس میرے سارے گناہوں کو

اِنَّهٗ لَا یَغْفِرُ الذُّنُوْبَ اِلَّا اَنْتَ وَتُبْ عَلَیَّ اِنَّكَ

بخش دے کہ بے شک تیرے سوا کوئی گناہوں کو نہیں بخش سکتا اور میری توبہ قبول فرما

اَنْتَ التَّوَّابُ الرَّحِیْمُ

کہ بے شک تو بڑا توبہ قبول کرنے والا مہربان ہے

۸۸ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ صِحَّةً فِیْ اِیْمَانٍ وَّاِیْمَانًا فِیْ

اے اللہ میں تجھ سے مانگتا ہوں ایمان میں درستگی اور ایمان کا حسن اخلاق

حُسْنِ خُلُقٍ وَّنَجَاةً یَّتْبَعُهَا فَلَاحٌ وَّرَحْمَةً مِّنْكَ

کے ساتھ اور ایسی نجات کا جس کے پیچھے کامیابی ہو اور تیری طرف سے خاص رحمت کا

وَعَافِیَةً وَّمَغْفِرَةً مِّنْكَ وَرِضْوَانًا

اور تیری طرف سے عافیت و مغفرت اور خوشنودی کا

۸۹ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُ بِوَجْهِكَ الْكَرِیْمِ وَبِكَلِمَاتِكَ

اے اللہ میں تیری کریم ذات اور تیرے کامل کلمات کی پناہ مانگتا ہوں

التَّآمَّةِ مِنْ شَرِّ مَا اَنْتَ اٰخِذٌ بِنَاصِیَتِهٖ اَللّٰهُمَّ اَنْتَ

ہر اس چیز کے شر سے جس کی پیشانی کو تو پکڑے ہوئے ہے

۸۸ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت سلمان رضی اللہ عنہ سے فرمایا کہ اللہ کے نبی تمہیں رحمن کے کلمات عطا فرمانا چاہتے ہیں جن کے ذریعہ تم صبح شام رحمن کو پکارا کرو اور یہ کلمات سکھلائے المعجم الاوسط ۹۳۳۳ ص ۱۳۲ ج ۹ ۸۹ رات کو سوتے ہوئے آپ صلی اللہ علیہ وسلم یہ دعا مانگا کرتے تھے کچھ الفاظ کی تبدیلی کے ساتھ یہ دعا ابو داؤد ۵۰۵۲ ص ۵۴۵ میں مذکور ہے

تَكْشِفُ الْمَغْرَمَ وَالْمَأْثَمَ اَللّٰهُمَّ لَا يُهْزَمُ

الٰہی تو ہی رفع کر سکتا ہے تاوان اور گناہ کو اے اللہ تیرا لشکر شکست

جُنْدُكَ وَلَا يُخْلَفُ وَعْدُكَ وَلَا يَنْفَعُ ذَا الْجَدِّ

نہیں پا سکتا اور تیرا وعدہ خلاف نہیں ہو سکتا اور تونگر کو تونگری

مِنْكَ الْجَدُّ سُبْحٰنَكَ وَبِحَمْدِكَ

تجھ سے بچا نہیں سکتی تو پاک ہے اور حمد کا مستحق ہے

۹۰ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ لَا شَرِيْكَ لَكَ سُبْحٰنَكَ

تیرے سوا کوئی معبود نہیں تیرا کوئی شریک نہیں تو پاک ہے

اَللّٰهُمَّ اَسْتَغْفِرُكَ لِذَنْبِيْ وَاَسْئَلُكَ رَحْمَتَكَ

اے اللہ میں تجھ سے اپنے گناہ کی مغفرت مانگتا ہوں اور تجھ سے تیری رحمت کا سائل ہوں

اَللّٰهُمَّ زِدْنِيْ عِلْمًا وَّلَا تُزِغْ قَلْبِيْ بَعْدَ اِذْ هَدَيْتَنِيْ

الٰہی میرے علم میں ترقی دے اور میرے دل ہدایت دینے کے بعد مت پھیر

وَهَبْ لِيْ مِنْ لَّدُنْكَ رَحْمَةً اِنَّكَ اَنْتَ الْوَهَّابُ

اور مجھے اپنے پاس سے رحمت بخش بے شک تو بہت دینے والا ہے

۹۱ اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِيْ ذَنْبِيْ وَوَسِّعْ لِيْ فِيْ دَارِيْ

اے اللہ میرا گناہ بخش دے اور میرے گھر میں وسعت دے

۹۰ آپ صلی اللہ علیہ وسلم جب رات میں بیدار ہوتے تو یہ دعا پڑھتے ابوداؤد ۵۰۶۱ ص ۵۴۶

۹۱ دوران وضو مانگی جانے والی دعا عمل الیوم واللیلۃ لابن السنی باب ما یقول بین ظھرانی وضوئہ ص ۳۵

وَبَارِكْ لِي فِي رِزْقِي

اور میری روزی میں برکت عطا فرما

۹۲ اَللّٰهُمَّ اجْعَلْنِي مِنَ التَّوَّابِينَ وَاجْعَلْنِي

اے اللہ مجھے توبہ کرنے والوں میں سے بنا اور مجھے

مِنَ الْمُتَطَهِّرِينَ

پاک صاف بندوں میں سے بنا

۹۳ اَللّٰهُمَّ رَبَّ السَّمٰوٰتِ وَرَبَّ الْاَرْضِ وَرَبَّ

اے اللہ آسمانوں کے پروردگار اور زمین کے پروردگار اور

الْعَرْشِ الْعَظِيمِ رَبَّنَا وَرَبَّ كُلِّ شَيْءٍ فَالِقَ

عرش عظیم کے پروردگار اے ہمارے پروردگار اور ہر چیز کے پروردگار دانہ

الْحَبِّ وَالنَّوٰى وَمُنْزِلَ التَّوْرٰةِ وَالْاِنْجِيلِ

اور گٹھلی کے پھاڑنے والے اور توریت اور انجیل اور قرآن کے اتارنے

وَالْفُرْقَانِ اَعُوذُ بِكَ مِنْ شَرِّ كُلِّ شَيْءٍ

والے میں تیری پناہ مانگتا ہوں ہر چیز کے شر سے جس کی

اَنْتَ اٰخِذٌ بِنَاصِيَتِهٖ اَللّٰهُمَّ اَنْتَ الْاَوَّلُ

پیشانی کو تو تھامے ہوئے ہے اے اللہ تو ہی اول ہے

۹۲ جو اچھی طرح وضو کرنے کے بعد کلمہ شہادت کے ساتھ یہ دعا پڑھے اس کے لئے جنت کے آٹھوں دروازے کھول دیئے جاتے ہیں الترمذی ر ۵۵ ص ۲۸ ۹۳ آپ صلی اللہ علیہ وسلم رات سونے سے پہلے اس دعا کے پڑھنے کا حکم فرمایا کرتے تھے مسلم الدعاء عند النوم ر ۲۷۱۳ ص ۱۰۸۸

فَلَيْسَ قَبْلَكَ شَيْءٌ وَّ اَنْتَ الْاٰخِرُ فَلَيْسَ

تجھ سے پہلے کچھ نہ تھا اور تو ہی آخر ہے کہ تیرے بعد

بَعْدَكَ شَيْءٌ وَّ اَنْتَ الظَّاهِرُ فَلَيْسَ فَوْقَكَ

کچھ نہیں ہے اور تو ہی ظاہر ہے کہ تجھ سے بالا کوئی چیز نہیں

شَيْءٌ وَّ اَنْتَ الْبَاطِنُ فَلَيْسَ دُوْنَكَ شَيْءٌ

اور تو ہی باطن ہے کہ تیرے نیچے کوئی چیز نہیں

اِقْضِ عَنَّا الدَّيْنَ وَ اَغْنِنَا مِنَ الْفَقْرِ

ہم پر سے قرض ادا کر دے اور ہمیں احتیاج سے غنی بنا دے

۹۴ اَللّٰهُمَّ رَبَّ السَّمٰوٰتِ السَّبْعِ وَ مَا اَظَلَّتْ

اے اللہ ساتوں آسمان اور ان چیزوں کے پروردگار جن پر وہ سایہ فگن ہیں

وَرَبَّ الْاَرَضِيْنَ وَ مَا اَقَلَّتْ وَرَبَّ الشَّيٰطِيْنِ

اور زمینوں کے اور ان چیزوں کے پروردگار جن کو وہ اٹھائے ہوئے ہیں اور

وَ مَا اَضَلَّتْ كُنْ لِّيْ جَارًا مِّنْ شَرِّ خَلْقِكَ

شیاطین کے اور ان کے پروردگار جنہیں انہوں نے گمراہ کیا میرا محافظ بن جا اپنی تمام مخلوق کے

اَجْمَعِيْنَ اَنْ يَّفْرُطَ عَلَيَّ اَحَدٌ مِّنْهُمْ اَوْ

شر سے کہ ان میں کوئی مجھ پر دست درازی یا زیادتی کرنے لگے

۹۴ رات میں گھبراہٹ کی وجہ سے آنکھ کھل جانے پر یہ دعا پڑھی جائے الترغيب والترهيب ص ٦٢٠ ج ٢

اَنۡ یَّطۡغٰی عَزَّ جَارُكَ وَتَبَارَكَ اسۡمُكَ

تیری حفاظت میں آیا تیری حفاظت بڑی مضبوط اور تیرا نام بڑا بابرکت ہے

۹۵ اَللّٰهُمَّ لَكَ الۡحَمۡدُ اَنۡتَ قَيِّمُ السَّمٰوٰتِ

اے اللہ ہر حمد وثنا تیرے ہی لئے ہے تو تھامنے والا ہے آسمانوں اور

وَالۡاَرۡضِ وَمَنۡ فِيۡهِنَّ وَلَكَ الۡحَمۡدُ اَنۡتَ

زمین کا اور ان سب کا جو ان میں آباد ہیں ان میں اور ہر خوبی تیرے ہی لئے ہے

مَلِكُ السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡضِ وَمَنۡ فِيۡهِنَّ وَلَكَ

تو مالک ہے آسمانوں اور زمین کا اور ان سب کا جو ان میں آباد ہیں اور ہر خوبی

الۡحَمۡدُ اَنۡتَ نُوۡرُ السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡضِ وَمَنۡ

تیرے ہی لئے ہے تو نور ہے آسمانوں اور زمین کا اور ان سب کا جو ان میں

فِيۡهِنَّ وَلَكَ الۡحَمۡدُ اَنۡتَ الۡحَقُّ وَوَعۡدُكَ

آباد ہیں اور تیرے ہر خوبی ہی لئے ہے تو برحق ہے اور تیرا وعدہ

حَقٌّ وَّلِقَاءُكَ حَقٌّ وَّقَوۡلُكَ حَقٌّ وَّالۡجَنَّةُ

برحق ہے اور تجھ سے ملنا برحق ہے اور تیرا ارشاد برحق ہے اور جنت

حَقٌّ وَّالنَّارُ حَقٌّ وَّالنَّبِيُّوۡنَ حَقٌّ وَّسَيِّدُنَا

برحق ہے اور دوزخ برحق ہے اور سب انبیاء برحق ہیں اور

۹۵ آپ صلی اللہ علیہ وسلم تہجد کے وقت ان الفاظ کے ذریعے دعا مانگا کرتے تھے یہ دعا البخاری باب التہجد باللیل ر ۱۰۶۹ ص ۳۷۷ پر کچھ الفاظ کی تبدیلی کے ساتھ موجود ہے

مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ حَقٌّ وَّالسَّاعَةُ حَقٌّ

سیدنا محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم برحق ہیں اور قیامت برحق ہے

اَللّٰهُمَّ لَكَ اَسْلَمْتُ وَبِكَ اٰمَنْتُ وَعَلَيْكَ

اے اللہ میں نے (اپنے آپ کو) تیرے سپرد کردیا، اور تجھ پر ایمان لایا اور تجھ پر

تَوَكَّلْتُ وَاِلَيْكَ اَنَبْتُ وَبِكَ خَاصَمْتُ وَاِلَيْكَ

بھروسہ کیا اور تیری طرف متوجہ ہوا اور تیرے بل پر لڑا جھگڑا اور تیری ہی طرف

حَاكَمْتُ وَاَنْتَ رَبُّنَا وَاِلَيْكَ الْمَصِيْرُ فَاغْفِرْلِيْ

فیصلہ لایا اور تو ہی ہمارا رب ہے اور تیری ہی طرف ہمیں لوٹ کر آنا ہے پس بخش دے

مَاقَدَّمْتُ وَمَا اَخَّرْتُ وَمَا اَسْرَرْتُ وَمَا اَعْلَنْتُ

جو میں نے پہلے کیا اور جو پیچھے کیا اور جو چھپا کر کیا اور جو علانیہ کیا

وَمَا اَسْرَفْتُ وَمَا اَنْتَ اَعْلَمُ بِهٖ مِنِّيْ اَنْتَ

اور جو کچھ بھی قصور کیا اور جس کو تو مجھ سے زیادہ جانتا ہے تو ہی

الْمُقَدِّمُ وَاَنْتَ الْمُؤَخِّرُ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ

آگے بڑھانے والا ہے اور تو ہی پیچھے ہٹانے والا ہے تیرے سوا کوئی معبود نہیں

وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ

اور بھلائی کرنے کی طاقت اور برائی سے بچنے کی قوت تیری توفیق کے بغیر نہیں ہے

۹۶ اَللّٰهُمَّ اغْفِرْلِيْ وَارْحَمْنِيْ وَعَافِنِيْ وَاهْدِنِيْ

الٰہی مجھے بخش دے اور مجھ پر رحم فرما اور مجھے عافیت دے اور مجھے ہدایت بخش

وَارْزُقْنِيْ وَاجْبُرْنِيْ وَارْفَعْنِيْ

اور مجھے روزی دے اور میری اصلاح فرما اور مجھے بلند کر

۹۷ اِنِّيْ لِمَا اَنْزَلْتَ اِلَيَّ مِنْ خَيْرٍ فَقِيْرٌ

بے شک جو خیر بھی تو میری طرف اتارے میں اس کا محتاج ہوں

۹۸ اَللّٰهُمَّ رَبَّ جِبْرَئِيْلَ وَمِيْكَائِيْلَ وَاِسْرَافِيْلَ

اے اللہ جبریل میکائیل اور اسرافیل کے رب

فَاطِرَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ عَالِمَ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ

اے آسمانوں اور زمین کے موجد اے غائب اور حاضر کے جاننے والے

اَنْتَ تَحْكُمُ بَيْنَ عِبَادِكَ فِيْمَا كَانُوْا فِيْهِ يَخْتَلِفُوْنَ

تو اپنے بندوں کے درمیان ان امور کا فیصلہ فرمائے گا جن میں وہ اختلاف رکھتے تھے

اِهْدِنِيْ لِمَا اخْتُلِفَ فِيْهِ مِنَ الْحَقِّ بِاِذْنِكَ اِنَّكَ

تو اختلافی صورت میں امر حق کی اپنے اذن سے میری رہبری فرما

تَهْدِيْ مَنْ تَشَآءُ اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ

بے شک تو ہی رہبری فرماتا ہے جسے چاہتا ہے راہ مستقیم کی

۹۶ اس دعا کو نماز میں دونوں سجدوں کے درمیان مانگنا سنت ہے یہ دعا وارزقنی تک ابو داؤد ر ۸۵۰ ص ۱۱۱ میں اور واجبرنی کا لفظ الترمذی ر ۲۸۴ ص ۶۷ جبکہ وارفعنی ابن ماجۃ ر ۸۹۸ ص ۱۰۵ میں ہے ۹۷ القصص ۲۴

۹۸ آپ صلی اللہ علیہ وسلم جب تہجد کی نماز کے لئے کھڑے ہوتے تو ان الفاظ کے ساتھ دعا مانگتے المسلم ر ۷۷۰ ص ۳۰۵

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

۱ اَللّٰھُمَّ اھۡدِنِیۡ فِیۡمَنۡ ھَدَیۡتَ وَعَافِنِیۡ فِیۡمَنۡ

الٰہی مجھے ہدایت بخش ان کے ساتھ جنہیں تو نے ہدایت بخشی اور مجھے عافیت بخش ان کے ساتھ

عَافَیۡتَ وَتَوَلَّنِیۡ فِیۡمَنۡ تَوَلَّیۡتَ وَبَارِکۡ لِیۡ فِیۡمَا

جنہیں تو نے عافیت بخشی اور میرے کام بنا ان کے ساتھ جن کا تو کارساز بنا اور مجھے ان چیزوں میں برکت

اَعۡطَیۡتَ وَقِنِیۡ شَرَّ مَا قَضَیۡتَ فَاِنَّکَ تَقۡضِیۡ

بخش جو تو نے مجھے عطا فرمائیں اور جو تو نے فیصلہ فرما دیا مجھے اس کے شر سے محفوظ رکھ کہ بے شک

وَلَا یُقۡضٰی عَلَیۡکَ اِنَّہٗ لَا یَذِلُّ مَنۡ وَّالَیۡتَ

تو ہی فیصلہ فرماتا ہے اور تیرے خلاف کوئی فیصلہ نہیں کیا جا سکتا جسے تو نے دوست بنایا وہ ذلیل نہیں ہو سکتا

وَلَا یَعِزُّ مَنۡ عَادَیۡتَ تَبَارَکۡتَ رَبَّنَا وَتَعَالَیۡتَ

اور جسے تو نے دشمن قرار دیا وہ عزت نہیں پا سکتا تو بابرکت ہے اے ہمارے پروردگار اور بلند تر ہے

نَسۡتَغۡفِرُکَ وَنَتُوۡبُ اِلَیۡکَ وَصَلَّی اللّٰہُ عَلَی النَّبِیِّ

ہم تجھ سے مغفرت مانگتے ہیں اور تیری طرف توجہ کرتے ہیں اور اللہ رحمت نازل فرمائے نبی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم پر

۱ دعاء قنوت اور اور قنوت نازلہ میں پڑھی جانے والی دعا ابوداؤد رقم ۱۴۲۵ ص ۱۷۳

۲ اَللّٰھُمَّ اغْفِرْ لِیْ وَلِلْمُؤْمِنِیْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ

اے اللہ مجھے اور سب ایمان والوں اور ایمان والیوں کو

وَالْمُسْلِمِیْنَ وَالْمُسْلِمَاتِ وَاَلِّفْ بَیْنَ قُلُوْبِهِمْ

اور مسلمان مردوں اور عورتوں کو بخش دے اور ان کے دلوں میں اتفاق پیدا فرما

وَاَصْلِحْ ذَاتَ بَیْنِهِمْ وَانْصُرْهُمْ عَلٰی عَدُوِّكَ

اور ان کے آپس کے معاملات درست فرمادے اور ان کو اپنے دشمن پر اور ان کے

وَعَدُوِّهِمْ اَللّٰھُمَّ الْعَنِ الْكَفَرَةَ الَّذِیْنَ یَصُدُّوْنَ

دشمن پر فتح دے، الٰہی کافروں پر لعنت فرما جو تیری راہ سے روکتے ہیں

عَنْ سَبِیْلِكَ وَیُكَذِّبُوْنَ رُسُلَكَ وَیُقَاتِلُوْنَ

اور تیرے رسولوں کو جھٹلاتے ہیں اور تیرے دوستوں سے

اَوْلِیَائَكَ اَللّٰھُمَّ خَالِفْ بَیْنَ كَلِمَتِهِمْ

جنگ کرتے ہیں، اے اللہ ان کے منصوبوں میں اختلاف ڈال دے

وَزَلْزِلْ اَقْدَامَهُمْ وَاَنْزِلْ بِهِمْ بَأْسَكَ الَّذِیْ

اور ان کے پاؤں ڈگمگادے اور ان پر اپنا وہ عذاب نازل فرما

لَا تَرُدُّهٗ عَنِ الْقَوْمِ الْمُجْرِمِیْنَ ۝

جس کو تو مجرموں سے واپس نہیں لیا کرتا

۲ قنوت نازلہ میں پڑھی جانے والی دعا السنن الکبریٰ ص ۲۱۰،۲۱۱

۳ بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

اَللّٰهُمَّ اِنَّا نَسۡتَعِيۡنُكَ وَنَسۡتَغۡفِرُكَ وَنَسۡتَهۡدِيۡكَ

اے اللہ ہم تجھ سے مدد مانگتے ہیں اور تجھ سے مغفرت چاہتے ہیں اور تجھ سے ہدایت طلب کرتے

وَنُؤۡمِنُ بِكَ وَنَتُوۡبُ اِلَيۡكَ وَنَتَوَكَّلُ عَلَيۡكَ وَنُثۡنِيۡ

ہیں اور تجھ پر ایمان لاتے ہیں اور تیری طرف رجوع کرتے ہیں اور تجھ پر بھروسہ رکھتے ہیں

عَلَيۡكَ الۡخَيۡرَ كُلَّهٗ وَنَشۡكُرُكَ وَلَا نَكۡفُرُكَ وَنَخۡلَعُ

اور تیری تمام نعمتوں پر ثناء خیر کرتے ہیں اور تیرا شکرادا کرتے ہیں اور ناشکری نہیں کرتے اور

وَنَتۡرُكُ مَنۡ يَّفۡجُرُكَ اَللّٰهُمَّ اِيَّاكَ نَعۡبُدُ وَلَكَ نُصَلِّيۡ

جو تیری نافرمانی کرے اس سے قطع تعلق کرتے ہیں، الٰہی ہم تیری ہی عبادت کرتے ہیں اور تیرے

وَنَسۡجُدُ وَاِلَيۡكَ نَسۡعٰى وَنَحۡفِدُ وَنَرۡجُوۡ رَحۡمَتَكَ

لئے ہی نماز وسجدہ کرتے اور تیری ہی طرف لپکتے اور دوڑتے ہیں اور تیری رحمت کی توقع رکھتے ہیں

وَنَخۡشٰى عَذَابَكَ الۡجِدَّ اِنَّ عَذَابَكَ الۡجِدَّ بِالۡكُفَّارِ مُلۡحِقٌ

اور تیرے یقینی عذاب سے ڈرتے ہیں بے شک تیرا یقینی عذاب کافروں کو ہو کر رہے گا

۴ اَللّٰهُمَّ اِنِّيۡۤ اَعُوۡذُ بِرِضَاكَ مِنۡ سَخَطِكَ

الٰہی میں تیری رضا کی پناہ چاہتا ہوں تیری ناراضی سے

۳ دعاء قنوت اور اور قنوت نازلہ میں پڑھی جانے والی دعا (کچھ الفاظ کی تبدیلی اور تقدیم وتاخیر کے ساتھ) مصنف عبدالرزاق رقم ۴۹۷۷ ص ۱۱۴ ج ۳ ۴ تہجد میں پڑھی جانے والی دعا مسلم رقم ۴۸۶ ص ۲۰۱

وَبِمُعَافَاتِكَ مِنْ عُقُوبَتِكَ وَاَعُوذُبِكَ مِنْكَ

اور تیری معافی کی تیری سزا سے اور تیری ذات کی پناہ لیتا ہوں تجھ سے

لَا اُحْصِي ثَنَاءً عَلَيْكَ اَنْتَ كَمَا اَثْنَيْتَ عَلٰى نَفْسِكَ

میں تیری ثنا کا حق ادا نہیں کر سکتا، تو ایسا ہے جیسی تو نے خود اپنی ثنا فرمائی ہے

۵ اَللّٰهُمَّ رَبَّ جِبْرَئِيلَ وَمِيكَائِيلَ وَاِسْرَافِيلَ

اے اللہ! اے جبرئیل علیہ السلام و میکائیل علیہ السلام اور اسرافیل علیہ السلام

وَسَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَعُوذُبِكَ

اور سیدنا محمد صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے رب میں تیری پناہ مانگتا ہوں

مِنَ النَّارِ

دوزخ سے

٦ اَللّٰهُمَّ اِنِّي اَعُوذُبِكَ مِنْ اَنْ اَضِلَّ اَوْ اُضَلَّ اَوْ

الٰہی میں تیری پناہ چاہتا ہوں اس بات سے کہ بھٹک جاؤں یا بھٹکا یا جاؤں

اَزِلَّ اَوْ اُزَلَّ اَوْ اَظْلِمَ اَوْ اُظْلَمَ اَوْ اَجْهَلَ اَوْ

یا لغزش کھاؤں یا پھسلا یا جاؤں یا ظلم کروں یا مجھ پر ظلم کیا جائے یا جہالت برتوں

يُجْهَلَ عَلَيَّ

یا میرے ساتھ جہالت برتی جائے

۵ فجر کی سنتوں کے وقت مانگی جانے والی دعا المستدرک رقم ۲۶۱۰ ص ۷۲۱ ج ۳

٦ گھر سے نکلتے ہوئے یہ دعا مانگی جائے ابوداؤد رقم ۵۰۹۴ ص ۵۴۹

۷

اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ فِیْ قَلْبِیْ نُوْرًا وَّفِیْ بَصَرِیْ

الٰہی میرے دل میں نور ڈال دے اور میری بینائی میں نور ڈال دے

نُوْرًا وَّفِیْ سَمْعِیْ نُوْرًا وَّ عَنْ یَّمِیْنِیْ نُوْرًا وَّ عَنْ

اور میرے کانوں میں نور ڈال دے اور میرے دائیں نور عطا فرما

شِمَالِیْ نُوْرًا وَّمِنْ خَلْفِیْ نُوْرًا وَّ مِنْ اَمَامِیْ نُوْرًا

اور میرے بائیں نور عطا فرما اور میرے پیچھے نور عطا فرما اور میرے آگے نور عطا فرما

وَّاجْعَلْ مِنْ فَوْقِیْ نُوْرًا وَمِنْ تَحْتِیْ نُوْرًا اَللّٰهُمَّ

اور میرے اوپر نور عطا فرما اور میرے نیچے نور عطا فرما، اے اللہ

اَعْطِنِیْ نُوْرًا وَّاجْعَلْ لِّیْ نُوْرًا وَّفِیْ عَصَبِیْ نُوْرًا وَّفِیْ

مجھے نور عطا فرما اور میرے لئے نور کر دے اور میرے پٹھوں میں نور ڈال دے

لَحْمِیْ نُوْرًا وَّفِیْ دَمِیْ نُوْرًا وَّفِیْ شَعْرِیْ نُوْرًا وَّفِیْ

اور میرے گوشت میں نور ڈال دے اور میرے خون میں نور ڈال دے اور میرے بالوں میں نور

بَشَرِیْ نُوْرًا وَّفِیْ لِسَانِیْ نُوْرًا وَّاجْعَلْ فِیْ نَفْسِیْ

ڈال دے اور میری کھال میں نور ڈال دے اور میری زبان میں نور ڈال دے اور میرے نفس میں

نُوْرًا وَّاَعْظِمْ لِیْ نُوْرًا وَّاجْعَلْنِیْ نُوْرًا

نور ڈال دے اور میرے لئے نور بڑھا دے اور مجھے مجسم نور بنا دے

۷ تہجد میں مانگی جانے والی دعا مسلم رقم ۷۶۳ ص ۳۰۲

۸ اَللّٰهُمَّ افْتَحْ لَنَا اَبْوَابَ رَحْمَتِكَ وَسَهِّلْ

الٰہی ہمارے لئے اپنی رحمت کے دروازے کھول دے اور ہمارے لئے

لَّنَا اَبْوَابَ رِزْقِكَ

اپنے رزق کے اسباب آسان فرما

۹ اَللّٰهُمَّ اعْصِمْنِيْ مِنَ الشَّيْطَانِ الرَّجِيْمِ

الٰہی مجھے شیطان مردود سے محفوظ رکھ

۱۰ اَللّٰهُمَّ اهْدِنِيْ لِاَحْسَنِ الْاَخْلَاقِ لَا يَهْدِيْ

الٰہی بہترین اخلاق کی طرف میری رہنمائی فرما کہ تیرے سوا بہترین اخلاق کی

لِاَحْسَنِهَآ اِلَّآ اَنْتَ وَاصْرِفْ عَنِّيْ سَيِّئَهَا

رہبری کوئی نہیں کرسکتا، اور مجھ سے بداخلاقیوں کو دور کردے

لَا يَصْرِفُ عَنِّيْ سَيِّئَهَآ اِلَّآ اَنْتَ

کہ تیرے سوا مجھ سے بداخلاقیوں کو کوئی دور نہیں کرسکتا

۱۱ اَللّٰهُمَّ بَاعِدْ بَيْنِيْ وَبَيْنَ خَطَايَايَ كَمَا

الٰہی میرے اور میری خطاؤں کے درمیان دوری ڈال دے جیسی

بَاعَدْتَّ بَيْنَ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ اَللّٰهُمَّ اغْسِلْ

تونے مشرق اور مغرب کے درمیان دوری ڈالی ہے الٰہی میری خطاؤں کو دھودے

۸ اس دعا کا ایک حصہ ابن ماجہ میں ہے مسجد میں داخل ہونے کی دعا ابن ماجة رقم ۷۷۲ ص ۹۳

۹ مسجد سے نکلنے کی دعا ابن ماجة رقم ۷۷۳ ص ۹۳ ۱۱ مسلم رقم ۷۷۱ ص ۳۰۵

۱۰ نماز کی تکبیر اور قراءت کے درمیان مانگی جانے والی دعا بخاری رقم ۷۱۱ ص ۲۵۹

خَطَایَایَ بِالْمَآءِ وَالثَّلْجِ وَالْبَرَدِ وَنَقِّنِیْ مِنَ الْخَطَایَا

پانی سے اور برف سے اور اولہ سے اور مجھے خطاؤں سے ایسا صاف کر دے

کَمَا نَقَّیْتَ الثَّوْبَ الْاَبْیَضَ مِنَ الدَّنَسِ

جیسا تو نے سفید کپڑے کو میل سے صاف کیا

١٢ اَللّٰهُمَّ لَكَ الْحَمْدُ مِلْأَ السَّمٰوٰتِ وَمِلْأَ

الٰہی تیرے ہی لئے حمد ہے آسمان بھر کر اور زمین بھر کر

الْاَرْضِ وَمِلْأَ مَا بَیْنَهُمَا وَمِلْأَ مَا شِئْتَ مِنْ

اور جو کچھ ان میں ہے وہ سب بھر کر اور اس کے بعد جو چیز بھی تو چاہے

شَیْءٍ بَعْدُ اَهْلَ الثَّنَآءِ وَالْكِبْرِیَآءِ وَالْمَجْدِ اَحَقُّ

اس کی مقدار بھر کر، تو ہی اس ثناء و کبریائی اور جلال کا مستحق ہے

مَا قَالَ الْعَبْدُ وَكُلُّنَا لَكَ عَبْدٌ لَّا مَانِعَ لِمَا

جو بندہ بیان کرے اور ہم سب تیرے ہی بندے ہیں جو تو عطا فرمائے

اَعْطَیْتَ وَلَا مُعْطِیَ لِمَا مَنَعْتَ وَلَا رَآدَّ لِمَا

اس کو کوئی روک نہیں سکتا اور جو تو نہ دے اسے کوئی نہیں دے سکتا اور جو تو طے فرمائے

قَضَیْتَ وَلَا یَنْفَعُ ذَا الْجَدِّ مِنْكَ الْجَدُّ

اسے کوئی رد نہیں کر سکتا اور کسی مال دار کو اس کی مال داری تیرے سامنے کوئی فائدہ دے نہیں سکتی

١٢ رکوع سے کھڑے ہوکر یہ دعا مانگی جائے مسلم رقم ٤٧٧ ص ١٩٨

۱۳ اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِيْ ذَنْبِيْ كُلَّهٗ دِقَّهٗ وَجِلَّهٗ

الٰہی میرے سارے گناہ چھوٹے اور بڑے

وَاَوَّلَهٗ وَاٰخِرَهٗ وَعَلَانِيَتَهٗ وَسِرَّهٗ

اگلے اور پچھلے کھلے اور چھپے سب کو معاف فرما دے

۱۴ رَبِّ اَعْطِ نَفْسِيْ تَقْوٰهَا وَزَكِّهَا اَنْتَ خَيْرُ

اے میرے رب میرے نفس کو تقویٰ عطا فرما اور اسے عیبوں سے پاک وصاف کر دے

مَنْ زَكّٰهَا اَنْتَ وَلِيُّهَا وَمَوْلٰهَا

تو ہی بہتر پاک وصاف کرنے والا ہے تو ہی اس کا کارساز اور مولیٰ ہے

۱۵ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ ظَلَمْتُ نَفْسِيْ ظُلْمًا كَثِيْرًا

الٰہی میں نے اپنی جان پر بہت ہی ظلم کیا ہے

وَّلَا يَغْفِرُ الذُّنُوْبَ اِلَّا اَنْتَ فَاغْفِرْ لِيْ مَغْفِرَةً مِّنْ

اور تیرے سوا گناہوں کو کوئی نہیں بخش سکتا پس مجھے اپنی خاص بارگاہ سے پروانۂ مغفرت عطا فرما

عِنْدِكَ وَارْحَمْنِيْ اِنَّكَ اَنْتَ الْغَفُوْرُ الرَّحِيْمُ

اور مجھ پر رحم فرما بے شک تو ہی غفور ورحیم ہے

۱۶ اَللّٰهُمَّ حَاسِبْنِيْ حِسَابًا يَّسِيْرًا

اے اللہ مجھ سے ہلکا حساب لینا

۱۳ سجدہ میں مانگی جانے والی دعا مسلم رقم ۴۸۳ ص ۲۰۰ ۱۴ تہجد میں مانگی جانے والی دعا مسند احمد رقم ۲۵۷۵۷ ص ۴۹۲ ج ۴۲ ۱۵ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کے دریافت کرنے پر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے دوران نماز یہ دعا مانگنے کی تعلیم فرمائی بخاری رقم ۷۹۹ ص ۲۸۶ ۱۶ مشکوۃ رقم ۵۵۶۲ ص ۱۵۴۴

١٧

اَللّٰهُمَّ اِنِّيْٓ اَسْئَلُكَ مِنَ الْخَيْرِ كُلِّهٖ مَا

الٰہی میں تجھ سے ہر قسم کی خوبی مانگتا ہوں جس کا

عَلِمْتُ مِنْهُ وَمَا لَمْ اَعْلَمْ وَاَعُوْذُبِكَ مِنَ الشَّرِّ

مجھے علم ہے وہ بھی اور جس کا مجھے علم نہیں وہ بھی اور میں ہر اس برائی سے تیری پناہ مانگتا ہوں

كُلِّهٖ مَا عَلِمْتُ مِنْهُ وَمَا لَمْ اَعْلَمْ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْٓ

جسے میں جانتا ہوں اور جسے میں نہیں جانتا، الٰہی میں تجھ سے

اَسْئَلُكَ مِنْ خَيْرِ مَا سَئَلَكَ بِهٖ عِبَادُكَ الصَّالِحُوْنَ

ہر وہ خوبی مانگتا ہوں جو تجھ سے تیرے نیک بندوں نے مانگی ہے

وَاَعُوْذُبِكَ مِنْ شَرِّ مَا عَاذَ مِنْهُ عِبَادُكَ

اور ہر اس برائی سے تیری پناہ مانگتا ہوں جس سے تیرے نیک بندوں نے

الصَّالِحُوْنَ رَبَّنَآ اٰتِنَا فِي الدُّنْيَا حَسَنَةً وَّفِي

پناہ مانگی ہے اے ہمارے رب ہمیں دنیا میں بھی خوبی عطا فرما

الْاٰخِرَةِ حَسَنَةً وَّقِنَا عَذَابَ النَّارِ ۝ رَبَّنَآ اِنَّنَآ

اور آخرت میں بھی خوبی عطا فرما اور ہمیں دوزخ کے عذاب سے بچا، اے ہمارے رب

اٰمَنَّا فَاغْفِرْ لَنَا ذُنُوْبَنَا وَقِنَا عَذَابَ النَّارِ ۝

ہم ایمان لے آئے لہٰذا ہمارے گناہ بخش دے اور ہمیں دوزخ کے عذاب سے بچا

١٧ دوران نماز تشہد میں مانگی جانے والی دعا مصنف ابن ابی شیبة رقم ٣٠٤٢ ص ٤٨ ج ٣

رَبَّنَا وَاٰتِنَا مَا وَعَدْتَّنَا عَلٰى رُسُلِكَ وَلَا تُخْزِنَا

اور اے ہمارے رب ہمیں وہ سب عطا فرما جس کا تو نے ہم سے اپنے رسولوں کی معرفت

يَوْمَ الْقِيٰمَةِ اِنَّكَ لَا تُخْلِفُ الْمِيْعَادَ ۝

وعدہ فرمایا ہے اور ہمیں قیامت کے دن رسوا نہ کرنا بے شک تو وعدہ کے خلاف نہیں کرتا

۱۸ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَعُوْذُبِكَ مِنْ عَذَابِ جَهَنَّمَ

الٰہی میں تیری پناہ مانگتا ہوں جہنم کے عذاب سے

وَاَعُوْذُبِكَ مِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ وَاَعُوْذُبِكَ مِنْ

اور تیری پناہ مانگتا ہوں قبر کے عذاب سے اور تیری پناہ مانگتا ہوں

فِتْنَةِ الْمَسِيْحِ الدَّجَّالِ وَاَعُوْذُبِكَ مِنْ فِتْنَةِ

دجال کے فتنہ سے اور تیری پناہ مانگتا ہوں

الْمَحْيَا وَالْمَمَاتِ وَاَعُوْذُبِكَ مِنَ الْمَأْثَمِ وَالْمَغْرَمِ

زندگی و موت کے فتنہ سے اور تیری پناہ مانگتا ہوں گناہ اور مشقت سے

۱۹ اَللّٰهُمَّ اَعِنِّيْ عَلٰى ذِكْرِكَ وَشُكْرِكَ

الٰہی میری مدد فرما اپنا ذکر کرنے میں اور اپنا شکر کرنے میں اور اپنی

وَحُسْنِ عِبَادَتِكَ

اچھی طرح عبادت کرنے میں

۱۸ یہ دعا المسیح الدجال تک مسلم میں ہے آپ صلی اللہ علیہ وسلم اس دعا کو سکھانے کا اہتمام فرماتے تھے اور اس کے بعد کا حصہ بخاری میں ہے مسلم رقم ۵۹۰ ص ۲۳۵ ، بخاری رقم ۲۲۶۷ ص ۸۴۴ ۱۹ حضرت معاذ رضی اللہ عنہ کو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس دعا کو ہر نماز کے بعد مانگنے کی تاکید فرمائی ابو داؤد رقم ۱۵۲۲ ص ۱۸۱

۲۰ اَللّٰھُمَّ رَبَّنَا وَرَبَّ كُلِّ شَيْءٍ اَنَا شَهِيْدٌ

اے اللہ اے ہمارے رب اور ہر چیز کے رب، میں اس بات کا گواہ ہوں

اَنَّكَ اَنْتَ الرَّبُّ وَحْدَكَ لَا شَرِيْكَ لَكَ اَللّٰھُمَّ

کہ بے شک تو ہی اکیلا رب ہے، تیرا کوئی شریک نہیں

رَبَّنَا وَرَبَّ كُلِّ شَيْءٍ اَنَا شَهِيْدٌ اَنَّ سَيِّدَنَا مُحَمَّدًا

اے اللہ اے ہمارے رب اور ہر چیز کے رب، میں اس بات کا گواہ ہوں

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَبْدُكَ وَرَسُوْلُكَ اَللّٰھُمَّ

کہ سیدنا محمد صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم تیرے بندہ اور تیرے رسول ہیں

رَبَّنَا وَرَبَّ كُلِّ شَيْءٍ اَنَا شَهِيْدٌ اَنَّ الْعِبَادَ

اے اللہ اے ہمارے رب اور ہر چیز کے رب، میں اس بات کا گواہ ہوں کہ سب بندے

كُلُّهُمْ اِخْوَةٌ اَللّٰھُمَّ رَبَّنَا وَرَبَّ كُلِّ شَيْءٍ اِجْعَلْنِيْ

بھائی بھائی ہیں اے اللہ اے ہمارے رب اور ہر چیز کے رب، مجھے اور

مُخْلِصًا لَّكَ وَاَهْلِيْ فِيْ كُلِّ سَاعَةٍ فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ

میرے گھر والوں کو دنیا اور آخرت میں ہر آن اور گھڑی اپنا مخلص بنا

ذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ اِسْمَعْ وَاسْتَجِبْ اَللّٰهُ اَكْبَرُ

اے عزت و اکرام والے سن لے اور قبول فرما لے اللہ کی ذات

۲۰ نماز کے بعد آپ صلی اللہ علیہ وسلم ان الفاظ کے ساتھ دعا مانگا کرتے تھے ابو داؤد رقم ۱۵۰۸ ص ۱۸۰

اَلْاَ کْبَرُ اَللّٰہُ نُوْرُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ اَللّٰہُ اَ کْبَرُ

ہر بڑے سے بڑی ہے اللہ ہی آسمانوں اور زمین کا نور ہے اللہ کی ذات ہر بڑے

اَلْاَ کْبَرِ حَسْبِیَ اللّٰہُ وَنِعْمَ الْوَکِیْلُ اَللّٰہُ اَ کْبَرُ الْاَ کْبَرِ

سے بڑی ہے مجھے اللہ کافی ہے اور وہ بڑا اچھا کارساز ہے اللہ کی ذات ہر بڑے سے بڑی ہے

٢١ اَللّٰھُمَّ اَصْلِحْ لِیْ دِیْنِیَ الَّذِیْ ھُوَ عِصْمَۃُ

الٰہی میرا دین سنوار دے جس میں میرے ہر کام کی حفاظت ہے

اَمْرِیْ وَاَصْلِحْ لِیْ دُنْیَایَ الَّتِیْ فِیْھَا مَعَاشِیْ

اور میری دنیا سنوار دے جس میں میرا معاش ہے

وَاَصْلِحْ لِیْ اٰخِرَتِیَ الَّتِیْ فِیْھَا مَعَادِیْ وَاَحْیِنِیْ

اور میری آخرت سنوار دے جہاں مجھے واپس جانا ہے اور جب تک زندگی

مَا کَانَتِ الْحَیٰوۃُ خَیْرًا لِّیْ وَتَوَفَّنِیْ اِذَا کَانَتِ الْوَفَاۃُ

میرے لئے بہتر ہے مجھے زندہ رکھنا اور جب میرے لئے موت بہتر ہو تو مجھے

خَیْرًا لِّیْ وَاجْعَلِ الْحَیٰوۃَ زِیَادَۃً لِّیْ فِیْ کُلِّ خَیْرٍ

وفات دے دینا اور زندگی کو میرے لئے ہر بھلائی میں ترقی کا سبب بنا

وَّاجْعَلِ الْمَوْتَ رَاحَۃً لِّیْ مِنْ کُلِّ شَرٍّ

اور موت کو میرے لئے ہر برائی سے راحت کا سبب بنا

٢١ اس دعا کا اکثر حصہ مسلم میں جبکہ باقی حصہ بخاری میں ہے مسلم رقم ٢٧٢٠ ص ١٠٩٠، ١٠٨٩،
بخاری رقم ٧٣٤٥ ص ٢١٤٦

۲۲ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْٓ اَسْئَلُكَ رِزْقًا طَيِّبًا وَّعِلْمًا

الٰہی میں تجھ سے پاک روزی اور فائدہ مند علم اور

نَافِعًا وَعَمَلًا مُّتَقَبَّلًا

مقبول ہونے والا عمل مانگتا ہوں

۲۳ اَللّٰهُمَّ اَشْبَعْتَ وَاَرْوَيْتَ فَهَنِّئْنَا

الٰہی تونے سیر بھی کیا اور سیراب بھی کیا پس اسے اور خوشگوار بنادے

وَرَزَقْتَنَا فَاَكْثَرْتَ وَاَطَبْتَ فَزِدْنَا

اور تونے ہمیں رزق دیا اور بہت دیا اور اچھا دیا پس اس میں ترقی فرما

۲۴ اَللّٰهُمَّ قَنِّعْنِیْ بِمَا رَزَقْتَنِیْ وَبَارِكْ لِیْ

الٰہی جو تونے مجھے روزی بخشی ہے مجھے اس پر قناعت بخش اور اس میں میرے لئے برکت دے

فِيْهِ وَاخْلُفْ عَلٰى كُلِّ غَائِبَةٍ لِّیْ بِخَيْرٍ

اور جو چیز مجھ سے غائب ہے تو اس میں میری طرف سے خیر کے ساتھ نگران بن جا

۲۵ رَبِّ اغْفِرْ وَارْحَمْ اَنْتَ الْاَعَزُّ الْاَكْرَمُ

اے میرے رب بخش دے اور رحم فرما تو ہی بڑا باعزت وسخی ہے

۲۶ اَللّٰهُمَّ اشْرَحْ لِیْ صَدْرِیْ وَيَسِّرْ لِیْٓ اَمْرِیْ

الٰہی میرا سینہ کھول دے اور میرا کام آسان فرما

۲۲ نماز فجر کے بعد مانگی جانے والی دعا المعجم الصغیر رقم ۷۳۵ ص ۳٦ ج ۲ ۲۳ کھانا کھانے کے بعد کی دعا مصنف ابن ابی شیبۃ رقم ۲۵۰۰۱ ص ۷۰۴ ج ۱۲ ۲۴ المستدرک رقم ۱۷۷۸ ص ٦۹۰ ج ۱

۲۵ صفا مروہ کی سعی کے دوران مانگی جانے والی دعا مصنف ابن ابی شیبۃ رقم ۱۵۸۰۷ ص ۲۴۷ ج ۸

۲٦ میدان عرفات میں مانگی جانے والی دعا کا ایک حصہ مصنف ابن ابی شیبۃ رقم ۱۵۳٦٦ ص ٦۲۹ ج ۸

وَاَعُوْذُ بِكَ مِنْ وَسَاوِسِ الصَّدْرِ وَشَتَاتِ

اور میں تیری پناہ مانگتا ہوں سینہ کے خطرات سے اور معاملات کے انتشار

الْاَمْرِ وَفِتْنَةِ الْقَبْرِ اَللّٰهُمَّ اِنِّىْ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ

سے اور قبر کے فتنہ سے الٰہی میں تیری پناہ مانگتا ہوں

شَرِّ مَا يَلِجُ فِى اللَّيْلِ وَمِنْ شَرِّ مَا يَلِجُ فِى

اس کے شر سے جو رات میں داخل ہو اور اس کے شر سے جو دن میں

النَّهَارِ وَمِنْ شَرِّ مَا تَهُبُّ بِهِ الرِّيَاحُ

داخل ہو اور اس کے شر سے جس کو لے کر ہوائیں چلتی ہیں

٢٧ اَللّٰهُمَّ اهْدِنِىْ بِالْهُدٰى وَنَقِّنِىْ بِالتَّقْوٰى

الٰہی مجھے راہ ہدایت پر چلا اور مجھے تقویٰ سے آراستہ فرما

وَاغْفِرْ لِىْ فِى الْاٰخِرَةِ وَالْاُوْلٰى

اور آخرت میں اور دنیا میں میری مغفرت فرما

٢٨ اَللّٰهُمَّ اِنِّىْ اَسْئَلُكَ عِلْمًا نَّافِعًا وَّ رِزْقًا

الٰہی میں تجھ سے نفع بخشنے والا علم اور کشادہ روزی

وَّاسِعًا وَشِفَآءً مِّنْ كُلِّ دَاءٍ

اور ہر مرض سے شفاء مانگتا ہوں

٢٧ وقوف عرفات کے دوران مانگی جانے والی دعا کا ایک حصہ (نقنی کی بجائے قنی ہے)
مصنف ابن ابی شیبة رقم ١٤٩٢٤ ص ٥٢٢ ج ٨ ٢٨ المستدرک رقم ١٧٣٩ ص ٦٤٦ ج ١

٢٩ اَللّٰهُمَّ اَنْتَ عَضُدِیْ وَنَصِيْرِیْ بِكَ اَحُوْلُ

الٰہی تو ہی میری قوت بازو اور میرا مددگار ہے تجھ ہی سے قوت حاصل کرتا ہوں اور تیری مدد ہی سے

وَبِكَ اَصُوْلُ وَبِكَ اُقَاتِلُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِكَ

جنگ کرتا ہوں اور نہ بھلائی کرنے کی طاقت ہے اور نہ برائی سے بچنے کی قوت سوائے تیری مدد کے

٣٠ اَللّٰهُمَّ لَكَ الْحَمْدُ كُلُّهٗ لَا قَابِضَ لِمَا بَسَطْتَّ

الٰہی تیرے ہی لئے ساری حمد ہے جسے تو وسعت دے اسے کوئی تنگی دینے والا نہیں

وَلَا بَاسِطَ لِمَا قَبَضْتَ وَلَا هَادِیَ لِمَنْ اَضْلَلْتَ

اور جسے تو تنگی دے اسے کوئی وسعت دینے والا نہیں اور جسے تو گمراہ کرے اس کا کوئی راہنما نہیں

وَلَا مُضِلَّ لِمَنْ هَدَيْتَ وَلَا مُعْطِیَ لِمَا مَنَعْتَ

اور جسے تو راستہ دکھائے اسے کوئی گمراہ کرنے والا نہیں اور جو تو نہ دے تو اسے کوئی دینے والا نہیں

وَلَا مَانِعَ لِمَا اَعْطَيْتَ وَلَا مُقَرِّبَ لِمَا بَاعَدْتَّ

اور جو تو عطا کرے تو اسے کوئی روکنے والا نہیں اور جسے تو دور کرے اسے کوئی قریب کرنے والا نہیں

وَلَا مُبَاعِدَ لِمَا قَرَّبْتَ اَللّٰهُمَّ ابْسُطْ عَلَيْنَا مِنْ

اور جسے تو قریب کرے اسے کوئی دور کرنے والا نہیں الٰہی ہم پر اپنی برکتوں اور

بَرَكَاتِكَ وَرَحْمَتِكَ وَفَضْلِكَ وَرِزْقِكَ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْٓ

اپنی رحمتوں اور اپنے فضل اور اپنے رزق میں فراخی نصیب فرما اے اللہ میں تجھ سے

٢٩ آپ صلی اللہ علیہ وسلم غزوہ میں جاتے ہوئے یہ دعا مانگا کرتے تھے ابو داؤد رقم ٢٦٣٢ ص ٢٩٧

٣٠ غزوۂ احد کے موقع پر آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی دعا المستدرک رقم ٤٣٠٨ ص ٢٦ ج ٣

أَسْئَلُكَ النَّعِيمَ الْمُقِيمَ الَّذِى لَا يَحُولُ وَلَا يَزُولُ

دائمی لذت مانگتا ہوں جو نہ کبھی واپس لی جائے اور نہ کبھی زائل ہو

اَللّٰهُمَّ اِنِّىٓ اَسْئَلُكَ الْاَمْنَ يَوْمَ الْخَوْفِ اَللّٰهُمَّ اِنِّىٓ

الٰہی میں تجھ سے خوف کے دن (روز قیامت) میں امن کا طالب ہوں الٰہی میں

عَآئِذٌ بِكَ مِنْ شَرِّ مَآ اَعْطَيْتَنَا وَمِنْ شَرِّ مَا مَنَعْتَنَا

پناہ لیتا ہوں اس کے شر سے جو تو نے ہمیں عطا کیا اور اس کے شر سے جو عطا نہیں کیا

اَللّٰهُمَّ حَبِّبْ اِلَيْنَا الْاِيْمَانَ وَزَيِّنْهُ فِىْ قُلُوْبِنَا

الٰہی ایمان کو ہمارا محبوب بنادے اور اس کو ہمارے دلوں کی زینت بنا

وَكَرِّهْ اِلَيْنَا الْكُفْرَ وَالْفُسُوْقَ وَالْعِصْيَانَ

اور ہمارے دلوں میں کفر اور فسق اور معصیت کی نفرت ڈال دے

وَاجْعَلْنَا مِنَ الرَّاشِدِيْنَ اَللّٰهُمَّ تَوَفَّنَا مُسْلِمِيْنَ

اور ہمیں نیک لوگوں میں سے بنا، الٰہی ہمیں اسلام کی حالت میں موت دینا اور ہمیں

وَاَلْحِقْنَا بِالصّٰلِحِيْنَ غَيْرَ خَزَايَا وَلَا مَفْتُوْنِيْنَ

نیک بندوں کے ساتھ شامل فرمانا کہ نہ رسوا ہوں اور نہ ان لوگوں میں سے ہوں جو فتنہ میں مبتلا ہوئے

اَللّٰهُمَّ قَاتِلِ الْكَفَرَةَ الَّذِيْنَ يُكَذِّبُوْنَ رُسُلَكَ

الٰہی کافروں سے جنگ فرما جو تیرے رسولوں کو جھٹلاتے ہیں

وَيَصُدُّوْنَ عَنْ سَبِيْلِكَ وَاجْعَلْ عَلَيْهِمْ رِجْزَكَ

اور تیرے راستے سے روکتے ہیں اور ان پر اپنا وبال اور اپنا عذاب ڈال

وَعَذَابَكَ اِلٰهَ الْحَقِّ اٰمِيْنَ

اے سچے معبود دعا قبول فرما

٣١ اَللّٰهُمَّ مُنْزِلَ الْكِتٰبِ وَمُجْرِیَ السَّحَابِ

اے اللہ اے کتاب کے اتارنے والے اور بادل کے چلانے والے اور دشمن کے

وَهَازِمَ الْاَحْزَابِ اِهْزِمْهُمْ وَانْصُرْنَا عَلَيْهِمْ

لشکروں کو شکست دینے والے ان (کافروں) کو شکست دے اور ہمیں ان پر فتح نصیب فرما

٣٢ اَللّٰهُمَّ اِنَّا نَجْعَلُكَ فِیْ نُحُوْرِهِمْ وَنَعُوْذُ بِكَ

الٰہی ہم تجھے ان کے مقابلہ پر کرتے ہیں اور ان کی شرارتوں سے

مِنْ شُرُوْرِهِمْ

تیری پناہ لیتے ہیں

٣٣ اَللّٰهُمَّ رَحْمَتَكَ اَرْجُوْ فَلَا تَكِلْنِیْ اِلٰى نَفْسِیْ

اے اللہ میں تیری رحمت کا امیدوار ہوں مجھے پلک جھپکنے کے برابر بھی

طَرْفَةَ عَيْنٍ وَّاَصْلِحْ لِیْ شَأْنِیْ كُلَّهٗ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ

میرے نفس کے حوالہ نہ فرما، اور میرے سارے کام بنا دے، تیرے سوا کوئی معبود نہیں

٣٤ يَا حَیُّ يَا قَيُّوْمُ بِرَحْمَتِكَ اَسْتَغِيْثُ

اے ہمیشہ زندہ رہنے والے اور سب کو قائم رکھنے والے تیری رحمت کی دہائی ہے

٣١ دشمن سے مقابلہ کے وقت مانگی جانے والی دعا بخاری رقم ٢٨٠٤ ص ١٠٨٢ ٣٢ جب کسی قوم سے خوف ہوتا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم یہ دعا مانگا کرتے تھے ابو داؤد رقم ١٥٣٧ ص ١٨٢ ٣٣ تکلیف میں مبتلا شخص ان الفاظ کے ساتھ دعا مانگے ابو داؤد رقم ٥٠٩٠ ص ٥٤٩ ٣٤ تکلیف دہ امر کے پیش آنے پر مانگی جانے والی دعا الترمذی رقم ٣٥٢٤ ص ٥٥٤

۳۵

اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ عَبْدُكَ وَابْنُ عَبْدِكَ وَابْنُ

اے اللہ میں تیرا بندہ ہوں اور تیرے بندہ کا بیٹا اور تیری لونڈی کا بیٹا ہوں

اَمَتِكَ نَاصِيَتِيْ بِيَدِكَ مَاضٍ فِيَّ حُكْمُكَ عَدْلٌ فِيَّ

میری پیشانی تیرے ہاتھ میں ہے تیرا حکم میرے بارے میں نافذ ہے تیرا فیصلہ میرے حق میں

قَضَاؤُكَ اَسْئَلُكَ بِكُلِّ اسْمٍ هُوَ لَكَ سَمَّيْتَ بِهٖ

عین انصاف ہے میں تجھ سے اس نام کے وسیلہ سے مانگتا ہوں جو تو نے اپنی ذات کے لئے تجویز کیا

نَفْسَكَ اَوْ اَنْزَلْتَهٗ فِيْ كِتَابِكَ اَوْ عَلَّمْتَهٗ اَحَدًا مِّنْ

یا اس کو اپنی کتاب میں اتارا یا اپنی مخلوق میں سے کسی کو وہ نام تعلیم فرمایا

خَلْقِكَ اَوِ اسْتَأْثَرْتَ بِهٖ فِيْ عِلْمِ الْغَيْبِ عِنْدَكَ

یا اسے علم غیب میں اپنے پاس محفوظ رکھا

اَنْ تَجْعَلَ الْقُرْاٰنَ الْعَظِيْمَ رَبِيْعَ قَلْبِيْ وَنُوْرَ

کہ قرآن عظیم کو میرے دل کی بہار اور میری آنکھوں کی روشنی

بَصَرِيْ وَجَلَآءَ حُزْنِيْ وَذَهَابَ هَمِّيْ

اور میرے غم کے ازالہ کا سبب اور میری فکر کو دفع کرنے والا بنادے

۳۶

اَللّٰهُمَّ لَا سَهْلَ اِلَّا مَا جَعَلْتَهٗ سَهْلًا

اے اللہ آسان نہیں مگر وہی جسے تو آسان بنادے

۳۵ غم اور پریشانی میں مانگی جانے والی دعا ابن حبان رقم ۹۷۲ ص ۲۵۳ ج ۳

۳۶ ابن حبان رقم ۹۷۴ ص ۲۵۵ ج ۳

وَاَنْتَ تَجْعَلُ الْحَزْنَ سَهْلًا اِذَا شِئْتَ

اور تو مشکل کو آسان کر دیتا ہے جب چاہتا ہے

٣٧ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ الْحَلِيْمُ الْكَرِيْمُ سُبْحَانَ

کوئی معبود نہیں سوائے اللہ کے جو بردبار اور کریم ہے

اللّٰهِ رَبِّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ

پاک ذات ہے اللہ، عرشِ عظیم کا مالک ہے ہر تعریف اللہ کے لئے ہے جو تمام جہانوں کا

الْعَالَمِيْنَ اَسْئَلُكَ مُوْجِبَاتِ رَحْمَتِكَ وَعَزَآئِمَ

رب ہے، میں تجھ سے مانگتا ہوں وہ تمام اسباب جو تیری رحمت کو لازم کرنے والے ہوں اور وہ

مَغْفِرَتِكَ وَالْعِصْمَةَ مِنْ كُلِّ ذَنْبٍ وَّالْغَنِيْمَةَ مِنْ

اسباب جو تیری مغفرت کو یقینی بنانے والے ہوں اور ہر گناہ سے حفاظت اور ہر نیکی کی

كُلِّ بِرٍّ وَّالسَّلَامَةَ مِنْ كُلِّ اِثْمٍ لَّا تَدَعْ لِيْ ذَنْبًا

عطا اور ہر گناہ سے بچاؤ، میرا کوئی گناہ ایسا نہ چھوڑ

اِلَّا غَفَرْتَهٗ وَلَا هَمًّا اِلَّا فَرَّجْتَهٗ وَلَا كَرْبًا اِلَّا نَفَّسْتَهٗ

جسے تو بخش نہ دے اور کوئی فکر ایسی نہ چھوڑ جسے تو رفع نہ فرما دے اور ایسی کوئی کڑھن نہ چھوڑ

وَلَا ضُرًّا اِلَّا كَشَفْتَهٗ وَلَا حَاجَةً هِيَ لَكَ رِضًى

جسے تو دور نہ فرما دے اور نہ کوئی ایسی تکلیف جسے تو دور نہ کر دے اور نہ ایسی کوئی حاجت کہ

اِلَّا قَضَيْتَهَا يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ

جو تیری مرضی کے موافق ہو جسے تو پورا نہ فرما دے اے ارحم الراحمین

٣٧ صلوۃ الحاجۃ کے بعد مانگی جانے والی دعا الترمذی رقم ٤٧٩ ص ٩٩

تیسری منزل بروز پیر

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

١ اَللّٰھُمَّ ارۡحَمۡنِیۡ بِتَرۡكِ الۡمَعَاصِیۡ اَبَدًا مَّا

الٰہی مجھ پر رحم فرما کہ جب تک بھی تو مجھے زندہ رکھے میں ہمیشہ کے لئے گناہ چھوڑ دوں

اَبۡقَیۡتَنِیۡ وَارۡحَمۡنِیۡ اَنۡ اَتَكَلَّفَ مَا لَا یَعۡنِیۡنِیۡ

اور مجھ پر رحم فرما کہ میں کسی فضول مشغلہ نہ لگ جاؤں جو مجھے فائدہ نہ دے

وَارۡزُقۡنِیۡ حُسۡنَ النَّظَرِ فِیۡمَا یُرۡضِیۡكَ عَنِّیۡ

اور مجھے ان اعمال کی اچھی فکر نصیب فرما جو تجھے مجھ سے راضی کر دیں

اَللّٰھُمَّ بَدِیۡعَ السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡضِ ذَا الۡجَلَالِ

اے اللہ اے آسمانوں اور زمین کے موجد اے جلال و احترام

وَالۡاِكۡرَامِ وَالۡعِزَّةِ الَّتِیۡ لَا تُرَامُ اَسۡئَلُكَ یَا اَللّٰہُ

اور ایسی عزت والے جس تک پہنچنے کا خیال بھی نہیں کیا جا سکتا اے اللہ اے رحمن

یَا رَحۡمٰنُ بِجَلَالِكَ وَنُوۡرِ وَجۡهِكَ اَنۡ تُلۡزِمَ قَلۡبِیۡ

میں تجھ سے تیری ذات کے نور کا واسطہ دے کر مانگتا ہوں کہ میرے قلب میں قرآن کا حفظ جما دے

١ ترمذی رقم ٣٥٧٠ ص ٥٦٠

حِفْظَ كِتَابِكَ كَمَا عَلَّمْتَنِيْ وَارْزُقْنِيْ اَنْ اَتْلُوَهُ

جیسا کہ تو نے مجھے سکھلایا ہے اور مجھے توفیق دے کہ اس کی اس طریقہ پر تلاوت کرتا رہوں

عَلَى النَّحْوِ الَّذِيْ يُرْضِيْكَ عَنِّيْ

جو تجھے مجھ سے راضی کردے

اَللّٰهُمَّ بَدِيْعَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ذَا الْجَلَالِ

اے اللہ اے آسمانوں اور زمین کے موجد اے جلال واحترام

وَالْاِكْرَامِ وَالْعِزَّةِ الَّتِيْ لَا تُرَامُ اَسْئَلُكَ يَا اَللّٰهُ

اور ایسی عزت والے جس کے حصول کا قصد بھی نہیں کیا جاسکتا اے اللہ اے رحمن

يَا رَحْمٰنُ بِجَلَالِكَ وَنُوْرِ وَجْهِكَ اَنْ تُنَوِّرَ بِكِتَابِكَ

میں تجھ سے تیرے جلال اور تیرے نور ذات کا واسطہ دے کر مانگتا ہوں کہ قرآن سے

بَصَرِيْ وَاَنْ تُطْلِقَ بِهٖ لِسَانِيْ وَاَنْ تُفَرِّجَ بِهٖ عَنْ

میری بینائی کو منور کردے اور اس کو میری زبان پر جاری کردے اور اس کی برکت سے میرے دل

قَلْبِيْ وَاَنْ تَشْرَحَ بِهٖ صَدْرِيْ وَاَنْ تَسْتَعْمِلَ بِهٖ

کے غم دور کردے اور اس کی برکت سے میرا سینہ کھول دے اور میرے بدن کو اس کا عامل بنا

بَدَنِيْ فَاِنَّهٗ لَا يُعِيْنُنِيْ عَلَى الْحَقِّ غَيْرُكَ وَلَا يُؤْتِيْهِ

کہ تیرے سوا کوئی میری حق پر مدد نہیں کرسکتا اور تیرے سوا کوئی عطا نہیں کرسکتا

اِلَّا اَنْتَ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَظِيْمِ

اور نہ نیکی کرنے کی طاقت ہے اور نہ گناہ سے بچنے کی قوت ہے مگر اللہ برتر وعظمت والے سے

۲ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَتُوْبُ اِلَیْكَ مِنَ الْمَعَاصِیْ

الٰہی میں تیرے حضور گناہوں سے توبہ کرتا ہوں

لَا اَرْجِعُ اِلَیْهَا اَبَدًا

اب کبھی ان کی طرف نہ جاؤں گا

۳ اَللّٰهُمَّ مَغْفِرَتُكَ اَوْسَعُ مِنْ ذُنُوْبِیْ وَرَحْمَتُكَ

اے اللہ تیری مغفرت میرے گناہوں سے وسیع تر ہے اور تیری رحمت

اَرْجٰی عِنْدِیْ مِنْ عَمَلِیْ

سے مجھے بہ نسبت اپنے عمل کے زیادہ توقع ہے

۴ اَللّٰهُمَّ اِنَّكَ عَفُوٌّ تُحِبُّ الْعَفْوَ فَاعْفُ عَنِّیْ

اے اللہ تیری شان ہی معاف کرنا ہے، معافی تجھے محبوب ہے، لہٰذا مجھے معاف کردے

۵ اَللّٰهُمَّ اكْفِنِیْ بِحَلَالِكَ عَنْ حَرَامِكَ وَاَغْنِنِیْ

اے اللہ مجھے اتنی حلال روزی دے کہ حرام سے بچ جاؤں اور مجھ پر فضل فرما

بِفَضْلِكَ عَمَّنْ سِوَاكَ

کہ دوسروں سے بے نیاز ہو جاؤں

۶ اَللّٰهُمَّ فَارِجَ الْهَمِّ كَاشِفَ الْغَمِّ مُجِیْبَ

اے اللہ پریشانی کے رفع کرنے والے غم کے دور کرنے والے

۲ المستدرک رقم ۱۸۹۹ ص ۶۹۷ ج ۱ ۳ ایسی دعا جو سبب مغفرت بنی المستدرک رقم ۱۹۹۴ ص ۷۲۸ ج ۱ ۴ شب قدر میں مانگی جانے والی دعا ترمذی رقم ۳۵۱۳ ص ۵۵۳ ۵ ادائیگی قرض کی دعا ترمذی رقم ۳۵۶۳ ص ۵۵۹ ۶ ادائیگی قرض کی مجرب دعا المستدرک رقم ۱۸۹۸ ص ۶۹۶ ج ۱

دَعْوَةِ الْمُضْطَرِّيْنَ رَحْمٰنَ الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ وَ

بے کسوں کی دعا قبول فرمانے والے، دنیا و آخرت میں غایت درجہ مہربان

رَحِيْمَهُمَا اَنْتَ تَرْحَمُنِيْ فَارْحَمْنِيْ بِرَحْمَةٍ

تو ہی مجھ پر رحم فرمائے گا، پس مجھ پر ایسی مہربانی فرما

تُغْنِيْنِيْ بِهَا عَنْ رَّحْمَةِ مَنْ سِوَاكَ

جو مجھے دوسروں کی مہربانی سے بے نیاز کر دے

٧ اَللّٰهُمَّ رَبَّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ عَالِمَ الْغَيْبِ

اے اللہ! آسمانوں اور زمین کے پروردگار، غائب و حاضر

وَالشَّهَادَةِ اِنِّيْ اَعْهَدُ اِلَيْكَ فِيْ هٰذِهِ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا

کے جاننے والے، میں تجھ سے اس دنیوی زندگی میں پکا وعدہ کرتا ہوں

اَنِّيْ اَشْهَدُ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ وَحْدَكَ لَا شَرِيْكَ لَكَ

کہ میں دل سے اس کا اقرار کرتا ہوں کہ تیرے سوا کوئی کوئی معبود نہیں، تو اکیلا ہے تیرا کوئی شریک نہیں

وَاَنَّ سَيِّدَنَا مُحَمَّدًا عَبْدُكَ وَرَسُوْلُكَ فَلَا تَكِلْنِيْ اِلٰى

اور بے شک سیدنا محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تیرے بندہ اور رسول ہیں، پس تو مجھ کو میرے نفس

نَفْسِيْ فَاِنَّكَ اِنْ تَكِلْنِيْ اِلٰى نَفْسِيْ تُقَرِّبْنِيْ مِنَ الشَّرِّ

کے حوالہ نہ فرما کیونکہ اگر تو نے مجھے میرے نفس کے حوالہ کر دیا تو وہ مجھے شر کے قریب لے آئے گا

٧ کچھ الفاظ کے تغیر کے ساتھ یہ دعا مسند احمد رقم ۳۹۱۶ ص ۳۲ ج ۷ پر موجود ہے

وَتُبَاعِدُنِیْ مِنَ الْخَیْرِ وَاَنِّیْ لَا اَثِقُ اِلَّا بِرَحْمَتِكَ

اور خیر سے دور لے جائیگا اور مجھے تیری رحمت کے سوا کسی پر بھروسہ نہیں

فَاجْعَلْ لِّیْ عِنْدَكَ عَهْدًا تُوَفِّیْنِیْهِ یَوْمَ الْقِیٰمَةِ

پس میرے لئے یہ وعدہ پختہ فرما لے جسے تو قیامت کے دن پورا فرمائے

اِنَّكَ لَا تُخْلِفُ الْمِیْعَادُ

بے شک تو وعدہ کا خلاف نہیں کیا کرتا

۸ اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ الَّذِیْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَیُّ

میں مغفرت چاہتا ہوں اللہ سے جس کے سوا کوئی معبود نہیں وہ حی و قیوم ہے

الْقَیُّوْمُ وَاَتُوْبُ اِلَیْهِ

اور اس کے حضور توبہ کرتا ہوں

۹ رَبِّ اغْفِرْ لِیْ وَتُبْ عَلَیَّ اِنَّكَ اَنْتَ

اے پروردگار مجھے بخش دے اور میری توبہ قبول فرما بے شک تو

التَّوَّابُ الرَّحِیْمُ

عنایت فرما و مہربان ہے

۱۰ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْٓ اَعُوْذُبِكَ مِنَ الْعَجْزِ وَالْكَسَلِ

الٰہی میں تیری پناہ چاہتا ہوں بے بسی اور کاہلی سے

۸ سارے گناہوں سے معافی دلانے والا استغفار ابو داؤد رقم ۱۵۱۷ ص ۱۸۰

۹ آپ صلی اللہ علیہ وسلم ایک مجلس میں اس دعا کو سو سو مرتبہ مانگا کرتے تھے ابو داؤد رقم ۱۵۱۶ ص ۱۸۰

۱۰ کچھ الفاظ کی کمی و زیادتی کے ساتھ مکمل دعا بخاری رقم ۶۰۰۷ ص ۲۳۴۱ پر موجود ہے

وَالْجُبْنِ وَالْهَرَمِ وَالْمَغْرَمِ وَالْمَأْثَمِ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ

اور بزدلی سے اور زیادہ بڑھاپے سے اور تاوان سے اور گناہ سے الٰہی بے شک میں

اَعُوْذُ بِكَ مِنْ عَذَابِ النَّارِ وَفِتْنَةِ النَّارِ وَ فِتْنَةِ

تیری پناہ چاہتا ہوں آگ کے عذاب سے اور جہنم کی آزمائش سے اور

الْقَبْرِ وَ عَذَابِ الْقَبْرِ وَ شَرِّ فِتْنَةِ الْغِنٰى وَشَرِّ

قبر کے امتحان سے اور قبر کے عذاب سے اور تونگری کے فتنہ کے شر سے

فِتْنَةِ الْفَقْرِ

اور ناداری کے فتنہ کے شر سے

۱۱ وَاَعُوْذُ بِكَ مِنَ الْقَسْوَةِ وَالْغَفْلَةِ وَالْعَيْلَةِ

اور تیری پناہ مانگتا ہوں سنگ دلی سے اور غفلت سے اور ضرورت مندی سے

وَالذِّلَّةِ وَالْمَسْكَنَةِ وَاَعُوْذُ بِكَ مِنَ الْفَقْرِ وَالْكُفْرِ

اور ذلت وخواری سے اور تیری پناہ مانگتا ہوں ناداری سے اور کفر سے

وَالْفُسُوْقِ وَالشِّقَاقِ وَالسُّمْعَةِ وَالرِّيَاءِ وَاَعُوْذُ بِكَ

اور فسق سے اور تفرقہ سے اور سناوے سے اور دکھاوے سے اور تیری پناہ مانگتا ہوں

مِنَ الصَّمَمِ وَالْبَكَمِ وَالْبَرَصِ وَالْجُنُوْنِ

بہرہ پن سے اور گونگے پن سے اور برص وجنون سے

۱۱ کچھ الفاظ کی کمی و زیادتی کے ساتھ یہ دعا المستدرک رقم ۱۹۴۴ ص ۷۱۲ ج ۱ پر موجود ہے

وَالْجُذَامِ وَسَيِّئِ الْاَسْقَامِ

اور کوڑھ سے اور تمام برے امراض سے

۱۲ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْٓ اَعُوْذُ بِكَ بِعِزَّتِكَ لَآ اِلٰهَ اِلَّا

الٰہی میں تیری عزت کا واسطہ دے کر تیری پناہ مانگتا ہوں تیرے سوا کوئی معبود نہیں

اَنْتَ اَنْ تُضِلَّنِيْ اَنْتَ الْحَيُّ الَّذِيْ لَا يَمُوْتُ

اس بات سے کہ تو مجھے گمراہ کر دے تو ہی وہ زندہ ہے جسے موت نہیں

وَالْجِنُّ وَالْاِنْسُ يَمُوْتُوْنَ

اور جن وانسان سب مر جائیں گے

۱۳ اَللّٰهُمَّ اِنَّا نَعُوْذُ بِكَ مِنْ جَهْدِ الْبَلَآءِ

الٰہی ہم تیری پناہ چاہتے ہیں مصیبت کی سختی سے

وَدَرْكِ الشَّقَآءِ وَسُوْٓءِ الْقَضَآءِ وَشَمَاتَةِ الْاَعْدَآءِ

اور حصول بدبختی سے اور برے فیصلے سے اور دشمنوں کے ہم پر ہنسنے سے

۱۴ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْٓ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ شَرِّ مَا عَلِمْتُ

الٰہی میں تیری پناہ مانگتا ہوں ان تمام چیزوں کے شر سے جن کا مجھے علم ہے

وَمِنْ شَرِّ مَا لَمْ اَعْلَمْ

اور ان تمام چیزوں کے شر سے جن کا مجھے علم نہیں

۱۲ کچھ الفاظ کی کمی و زیادتی کے ساتھ یہ دعا مسلم رقم ۲۷۱۷ ص ۱۰۸۹ پر موجود ہے ۱۳ بخاری رقم ۵۹۸۷ ص ۲۳۳۶ ۱۴ دعا کا ایک ٹکڑا ہے مکمل دعا اسی منزل کے نمبر ۴۳ اور ابن ماجة رقم ۳۸۴۶ ص ۴۱۱ پر موجود ہے

۱۵ اَللّٰھُمَّ اِنِّیۤ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ شَرِّ مَا عَمِلْتُ

الٰہی میں تیری پناہ مانگتا ہوں ان تمام کاموں کے شر سے جو میں نے کئے

وَمِنْ شَرِّ مَا لَمْ اَعْمَلْ

اور ان تمام کاموں کے شر سے جو میں نے نہیں کئے

۱۶ اَللّٰھُمَّ اِنِّیۤ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ زَوَالِ نِعْمَتِكَ

الٰہی میں تیری پناہ مانگتا ہوں تیری نعمت کے چھن جانے سے

وَتَحَوُّلِ عَافِيَتِكَ وَفُجَآءَةِ نِقْمَتِكَ وَجَمِيْعِ سَخَطِكَ

اور تیری دی ہوئی عافیت کے پھر جانے سے اور تیرے ناگہانی غضب سے اور تیرے ہر غصہ سے

۱۷ اَللّٰھُمَّ اِنِّیۤ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ شَرِّ سَمْعِیْ وَمِنْ شَرِّ

الٰہی میں تیری پناہ مانگتا ہوں اپنی سماعت کے شر سے اور اپنی بصارت کے

بَصَرِیْ وَمِنْ شَرِّ لِسَانِیْ وَمِنْ شَرِّ قَلْبِیْ وَمِنْ شَرِّ مَنِيِّیْ

شر سے اور اپنی زبان کے شر سے اور اپنے دل کے شر سے اور اپنی منی کے شر سے

۱۸ اَللّٰھُمَّ اِنِّیۤ اَعُوْذُ بِكَ مِنَ الْهَدَمِ

الٰہی میں تیری پناہ مانگتا ہوں دب کر مرنے سے

وَاَعُوْذُ بِكَ مِنَ التَّرَدِّیْ وَاَعُوْذُ بِكَ مِنْ

اور تیری پناہ مانگتا ہوں گر کر مرنے سے اور تیری پناہ مانگتا ہوں

۱۵ مسلم رقم ۲۷۱۶ ص ۱۰۸۹ ۱۶ مسلم رقم ۲۷۳۹ ص ۱۰۹۵

۱۷ ترمذی رقم ۳۴۹۲ ص ۵۵۰ ۱۸ ابو داؤد رقم ۱۵۵۲ ص ۱۸۳

الْغَرَقِ وَالْحَرَقِ وَالْهَرَمِ

ڈوب کر اور جل کر مرنے سے اور زیادہ بڑھاپے سے

وَاَعُوْذُبِكَ مِنْ اَنْ يَّتَخَبَّطَنِيَ الشَّيْطَانُ عِنْدَ

اور تیری پناہ مانگتا ہوں اس بات سے کہ مرتے وقت شیطان مجھے ورغلائے

الْمَوْتِ وَاَعُوْذُبِكَ مِنْ اَنْ اَمُوْتَ فِيْ سَبِيْلِكَ

اور بہکائے اور تیری پناہ مانگتا ہوں اس سے کہ تیری راہ میں پیٹھ موڑ کر مروں

مُدْبِرًا وَّاَعُوْذُبِكَ مِنْ اَنْ اَمُوْتَ لَدِيْغًا

اور تیری پناہ مانگتا ہوں اس سے کہ سانپ اور بچھو کے کاٹے سے مروں

۱۹ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْٓ اَعُوْذُبِكَ مِنْ مُّنْكَرَاتِ

الٰہی میں تیری پناہ مانگتا ہوں برے اخلاق سے اور برے

الْاَخْلَاقِ وَالْاَعْمَالِ وَالْاَهْوَآءِ وَالْاَدْوَآءِ

افعال سے اور ناپسندیدہ خواہشات سے اور بری بیماریوں سے

۲۰ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْٓ اَسْئَلُكَ مِنْ خَيْرِ مَا سَئَلَكَ مِنْهُ

الٰہی میں تجھ سے ہر وہ بھلائی مانگتا ہوں جو تجھ سے

نَبِيُّكَ سَيِّدُنَا مُحَمَّدٌ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاَعُوْذُبِكَ

تیرے نبی سیدنا محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مانگی تھی اور تیری پناہ مانگتا ہوں

۱۹ کنز العمال رقم ۳۶۷۱ ص ۱۸۶ ج ۲

۲۰ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی تمام دعاؤں کا مجموعہ ترمذی رقم ۳۵۲۱ ص ۵۵۴

مِنْ شَرِّ مَا اسْتَعَاذَكَ مِنْهُ نَبِيُّكَ سَيِّدُنَا مُحَمَّدٌ

ہر اس برائی سے جس سے تیرے نبی سیدنا محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے تیری پناہ مانگی تھی

صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاَنْتَ الْمُسْتَعَانُ وَعَلَيْكَ

تو ہی ہے جس سے مدد مانگی جائے اور تجھ ہی پر ہر امر کی انتہاء ہے

الْبَلَاغُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ

اور اللہ برتر و عظمت والے کی مدد کے بغیر نہ نیکی کرنے کی طاقت ہے اور نہ ہی برائی سے بچنے کی قوت

۲۱ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَعُوْذُبِكَ مِنْ جَارِ السُّوْٓءِ فِيْ دَارِ

الٰہی میں تیری پناہ مانگتا ہوں اپنے محل قیام میں برے پڑوسی سے

الْمُقَامَةِ فَاِنَّ جَارَ الْبَادِيَةِ يَتَحَوَّلُ وَمِنَ الْجُوْعِ فَاِنَّهٗ

کہ جنگل (سفر) کا پڑوسی تو بدل جایا کرتا ہے اور پناہ مانگتا ہوں بھوک سے

بِئْسَ الضَّجِيْعُ وَمِنَ الْخِيَانَةِ فَاِنَّهَا بِئْسَتِ الْبِطَانَةُ

کہ وہ بری ہم خواب ہے اور پناہ مانگتا ہوں خیانت سے کہ وہ بری خصلت ہے

۲۲ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَعُوْذُبِكَ مِنْ عِلْمٍ لَّا يَنْفَعُ وَقَلْبٍ

الٰہی میں تیری پناہ مانگتا ہوں ایسے علم سے جو نفع نہ دے اور ایسے دل سے

لَّا يَخْشَعُ وَدُعَآءٍ لَّا يُسْمَعُ وَنَفْسٍ لَّا تَشْبَعُ وَمِنْ

جو جھکے نہیں اور ایسی دعا سے جو سنی نہ جائے اور ایسے نفس سے جو سیر نہ ہو

۲۱ کچھ الفاظ کی کمی و زیادتی کے ساتھ یہ دعا المستدرک رقم ۱۹۵۱ ص ۷۱۴ ج ۱ پر موجود ہے ۲۲ کچھ الفاظ کی کمی و زیادتی اور تقدیم و تاخیر کے ساتھ یہ دعا مصنف ابن ابی شیبۃ رقم ۲۹۷۳۶ ص ۷۱ ج ۱۵ پر موجود ہے

هٰؤُلَاءِ الْاَرْبَعِ

ان چاروں سے پناہ مانگتا ہوں

۲۳ اَللّٰهُمَّ اِنَّا نَعُوْذُ بِكَ اَنْ نَّرْجِعَ عَلٰى اَعْقَابِنَا

الٰہی ہم تیری اس بات سے پناہ مانگتے ہیں کہ خود الٹے پاؤں پھر جائیں

اَوْ نُفْتَنَ عَنْ دِيْنِنَا

یا اپنے دین سے پھرنے پر مجبور کئے جاویں

۲۴ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ يَّوْمِ السُّوْٓءِ وَمِنْ

الٰہی میں تیری پناہ مانگتا ہوں برے دن سے

لَّيْلَةِ السُّوْٓءِ وَمِنْ سَاعَةِ السُّوْٓءِ وَمِنْ صَاحِبِ

اور بری رات سے اور بری گھڑی سے اور

السُّوْٓءِ وَمِنْ جَارِ السُّوْٓءِ فِيْ دَارِ الْمُقَامَةِ

برے ساتھی سے اور برے پڑوسی سے محل قیام میں

۲۵ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَعُوْذُ بِكَ مِنَ الشِّقَاقِ وَالنِّفَاقِ

الٰہی میں تیری پناہ مانگتا ہوں نزاع اور نفاق اور

وَسُوْٓءِ الْاَخْلَاقِ

برے اخلاق سے

۲۳ بخاری رقم ۶۲۲۰ ص ۲۴۰۹

۲۴ المعجم الکبیر رقم ۸۱۰ ص ۲۹۴ ج ۱۷

۲۵ ابوداؤد رقم ۱۵۴۶ ص ۱۸۳

۲۶ اَللّٰهُمَّ اغْفِرْلِیْ جِدِّیْ وَهَزْلِیْ وَخَطَأِیْ

الٰہی میرے ان گناہوں کو بخش دے جو میں نے گناہ کرنے کے ارادے سے کئے اور جو مذاق

وَعَمْدِیْ وَکُلُّ ذٰلِكَ عِنْدِیْ

میں کئے اور جو بھول کر کئے اور جو جان بوجھ کر کئے اور ان سب گناہوں کو جو میرے پاس موجود ہیں

۲۷ اَللّٰهُمَّ مُصَرِّفَ الْقُلُوْبِ صَرِّفْ قُلُوْبَنَا

اے اللہ اے پھیرنے والے دلوں کو ہمارے دلوں کو

عَلٰی طَاعَتِكَ

اپنی طاعت پر پھیر دے

۲۸ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ الْهُدٰی وَالتُّقٰی

الٰہی میں تجھ سے ہدایت اور پرہیزگاری

وَالْعَفَافَ وَالْغِنٰی

اور پارسائی اور بے نیازی مانگتا ہوں

۲۹ رَبِّ اَعِنِّیْ وَلَا تُعِنْ عَلَیَّ وَانْصُرْنِیْ وَلَا تَنْصُرْ

اے رب میری مدد فرما اور میرے دشمن کی میرے خلاف مدد نہ فرما اور نصرت فرما میری اور میرے

عَلَیَّ وَامْکُرْلِیْ وَلَا تَمْکُرْ عَلَیَّ وَاهْدِنِیْ الْهُدٰی وَیَسِّرِ

مقابل کی میرے خلاف مدد نہ کرنا اور میرے لئے مفید تدبیر فرما اور میرے لئے مضر تدبیر نہ فرما اور مجھے

۲۶ مکمل دعا مسلم رقم ۲۷۱۹ ص ۱۰۸۹ پر موجود ہے ۲۷ مسلم رقم ۲۶۵۴ ص ۱۰۶۵

۲۸ مسلم رقم ۲۷۲۱ ص ۱۰۹۰ ۲۹ ترمذی رقم ۳۵۵۱ ص ۵۵۸

الْهُدٰى لِيْ وَانْصُرْنِيْ عَلٰى مَنْ بَغٰى عَلَيَّ رَبِّ اجْعَلْنِيْ

ہدایت بخش اور میرے لئے راہ راست پر چلنا آسان کر اور جو مجھ پر زیادتی کرے اس پر مجھے غلبہ دے

لَكَ ذَكَّارًا لَّكَ شَكَّارًا لَّكَ رَهَّابًا لَّكَ مِطْوَاعًا لَّكَ

اے رب مجھے بہت یاد کرنے والا بنا، اپنا بڑا شکر گذار بنا، اپنا بہت ڈرنے والا بنا، اپنا بڑا فرمانبردار بنا

مُخْبِتًا اِلَيْكَ اَوَّاهًا مُّنِيْبًا رَبِّ تَقَبَّلْ تَوْبَتِيْ

اپنی طرف بڑا جھکنے والا بنا اور اپنا گرویدہ اور اپنی طرف متوجہ بنا، اے رب میری توبہ کو قبول فرما

وَاغْسِلْ حَوْبَتِيْ وَاَجِبْ دَعْوَتِيْ وَثَبِّتْ حُجَّتِيْ

اور میرے گناہ دھوڈال اور میری دعا قبول فرما اور میری حجت مضبوط کردے

وَسَدِّدْ لِسَانِيْ وَاهْدِ قَلْبِيْ وَاسْلُلْ سَخِيْمَةَ صَدْرِيْ

اور میری زبان کو سیدھا رکھ میرے دل کو ہدایت بخش اور میرے سینہ کے کینہ کو نکال دے

۳۰ اَللّٰهُمَّ اغْفِرْلَنَا وَارْحَمْنَا وَارْضَ عَنَّا

الٰہی ہمیں بخش دے اور ہم پر رحم فرما اور ہم سے راضی ہوجا

وَتَقَبَّلْ مِنَّا وَاَدْخِلْنَا الْجَنَّةَ وَنَجِّنَا مِنَ النَّارِ

اور ہمارے عمل قبول فرما اور ہمیں جنت میں داخل فرما اور ہمیں دوزخ سے بچالے

وَاَصْلِحْ لَنَا شَأْنَنَا كُلَّهٗ

اور ہماری ہر حالت سنوار دے

۳۰ ابن ماجة رقم ۳۸۳٦ ص ۴۱۱

۳۱ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْٓ اَسْئَلُكَ الثَّبَاتَ فِي الْاَمْرِ

الٰہی میں تجھ سے ہر معاملے میں استقلال مانگتا ہوں

وَاَسْئَلُكَ عَزِيْمَةَ الرُّشْدِ وَاَسْئَلُكَ شُكْرَ نِعْمَتِكَ

اور تجھ سے صلاح کی پختگی مانگتا ہوں، اور تجھ سے تیری نعمت کی شکرگزاری

وَحُسْنَ عِبَادَتِكَ وَاَسْئَلُكَ لِسَانًا صَادِقًا وَّ قَلْبًا

اور تیری عبادت کی خوبی مانگتا ہوں اور تجھ سے سچ بولنے والی زبان

سَلِيْمًا وَّ خُلُقًا مُّسْتَقِيْمًا وَّاَعُوْذُبِكَ مِنْ شَرِّ مَا

اور بے عیب دل اور سیدھی عادت مانگتا ہوں اور تیری پناہ چاہتا ہوں

تَعْلَمُ وَاَسْئَلُكَ مِنْ خَيْرِ مَا تَعْلَمُ وَاَسْتَغْفِرُكَ

ان چیزوں کے شر سے جو تجھے معلوم ہیں اور تجھ سے ان تمام چیزوں کی بھلائی مانگتا ہوں جو تجھے معلوم ہیں

مِمَّا تَعْلَمُ اِنَّكَ اَنْتَ عَلَّامُ الْغُيُوْبِ

اور ان گناہوں کی مغفرت مانگتا ہوں جو تجھے معلوم ہیں بے شک تو تمام پوشیدہ چیزوں کو خوب جانتا ہے

۳۲ اَللّٰهُمَّ اَلِّفْ بَيْنَ قُلُوْبِنَا وَاَصْلِحْ ذَاتَ

الٰہی ہمارے دلوں میں اتفاق پیدا فرما اور ہمارے باہمی تعلقات کو اچھا رکھ

بَيْنِنَا وَاهْدِنَا سُبُلَ السَّلَامِ وَنَجِّنَا مِنَ الظُّلُمٰتِ

اور ہمیں سلامتی کے راستوں پر چلا اور ہمیں تاریکیوں سے روشنی کی طرف نکال

۳۱ ترمذی رقم ۳۴۰۷ ص ۵۳۹

۳۲ یہ دعا آپ صلی اللہ علیہ وسلم تشہد کی طرح سکھایا کرتے تھے ابو داؤد رقم ۹۶۹ ص ۱۲۲

اِلَی النُّوْرِ وَ جَنِّبْنَا الْفَوَاحِشَ مَا ظَهَرَ مِنْهَا

اور ہمیں بے حیائی کے کاموں سے بچا چاہے وہ ظاہر ہوں

وَمَا بَطَنَ وَبَارِكْ لَنَا فِيْٓ اَسْمَاعِنَا وَاَبْصَارِنَا

یا پوشیدہ اور ہماری سماعت اور بینائی میں

وَ قُلُوْبِنَا وَ اَزْوَاجِنَا وَذُرِّيّٰتِنَا وَتُبْ عَلَيْنَا

اور ہمارے دلوں اور بیبیوں اور بچوں میں برکت عطا فرما اور ہماری توبہ قبول فرما

اِنَّكَ اَنْتَ التَّوَّابُ الرَّحِيْمُ وَاجْعَلْنَا شَاكِرِيْنَ

بے شک تو توبہ قبول کرنے والا مہربان ہے، اور ہمیں اپنی نعمت کا شکر گزار بنا

لِنِعْمَتِكَ مُثْنِيْنَ بِهَا قَابِلِيْهَا وَاَتِمَّهَا عَلَيْنَا

اور ان کی تعریف کرنے والا اور اس کو قبول کرنے والا بنا اور نعمت کو ہم پر کامل فرما

۳۳ اَللّٰهُمَّ اقْسِمْ لَنَا مِنْ خَشْيَتِكَ مَا

الٰہی ہمیں اپنا اتنا خوف نصیب فرما

تَحُوْلُ بِهٖ بَيْنَنَا وَبَيْنَ مَعَاصِيْكَ وَمِنْ طَاعَتِكَ

جس سے تو ہمارے اور اپنی معصیتوں کے درمیان آڑ بن جائے اور اپنی اتنی طاعت

مَا تُبَلِّغُنَا بِهٖ جَنَّتَكَ وَمِنَ الْيَقِيْنِ مَا تُهَوِّنُ بِهٖ

نصیب فرما جس سے تو ہمیں اپنی جنت میں پہنچا دے اور اتنا یقین نصیب فرما

۳۳ مجلس کے اختتام پر مانگی جانے والی دعا ترمذی رقم ۳۵۰۲ ص ۵۵۱

عَلَيْنَا مَصَآئِبَ الدُّنْيَا وَ مَتِّعْنَا بِاَسْمَاعِنَا

جس سے تو ہم پر دنیا کی تکالیف کو آسان فرمادے اور ہمیں ہماری سماعت

وَ اَبْصَارِنَا وَ قُوَّتِنَا مَا اَحْيَيْتَنَا وَ اجْعَلْهُ الْوَارِثَ

بینائی اور قوت سے ہمیں بہرہ مند بنا جب تک بھی تو ہمیں زندہ رکھے اور اس کو ہمارا وارث بنا

مِنَّا وَ اجْعَلْ ثَأْرَنَا عَلٰى مَنْ ظَلَمَنَا وَ انْصُرْنَا عَلٰى

اور ہم پر ظلم کرنے والے سے ہمارا انتقام لے اور ہم سے دشمنی رکھنے والے کے خلاف

مَنْ عَادَانَا وَلَا تَجْعَلْ مُصِيْبَتَنَا فِيْ دِيْنِنَا

ہماری مدد فرما اور ہمارے دین میں ہماری مصیبت نہ کر

وَلَا تَجْعَلِ الدُّنْيَا اَكْبَرَ هَمِّنَا وَلَا مَبْلَغَ عِلْمِنَا

اور دنیا کو ہمارا مقصود اعظم نہ بنا اور نہ ہی دنیا کو ہمارے علم کی انتہاء بنا

وَلَا تُسَلِّطْ عَلَيْنَا مَنْ لَّا يَرْحَمُنَا

اور ہم پر کسی ایسے کو نہ مسلط فرما جو ہم پر رحم نہ کرے

۳۴ اَللّٰهُمَّ زِدْنَا وَلَا تَنْقُصْنَا وَ اَكْرِمْنَا

الٰہی ہمیں ترقی دے اور نقصان نہ دے اور ہمیں آبرو بخش

وَلَا تُهِنَّا وَ اَعْطِنَا وَلَا تَحْرِمْنَا وَ اٰثِرْنَا

اور خوار نہ کر اور ہمیں عطا فرما اور محروم نہ رکھ اور ہمیں ترجیح دے

۳۴ ترمذی رقم ۳۱۷۳ ص ۵۰۴

وَلَا تُؤْثِرْ عَلَيْنَا وَ اَرْضِنَا عَنْكَ وَارْضَ عَنَّا

اور غیروں کو ہم پر ترجیح نہ دے اور ہمیں راضی فرما اور ہم سے راضی ہو جا

٣٥ اَللّٰهُمَّ اَلْهِمْنِیْ رُشْدِیْ وَاَعِذْنِیْ مِنْ شَرِّ نَفْسِیْ

اے اللہ میرے دل میں میری بھلائی ڈال دے اور مجھے میرے نفس کے شر سے محفوظ رکھ

٣٦ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ فِعْلَ الْخَيْرَاتِ وَتَرْكَ

اے اللہ میں تجھ سے مانگتا ہوں نیک کاموں کا کرنا اور برے کاموں کا

الْمُنْكَرَاتِ وَحُبَّ الْمَسَاكِيْنِ وَاَنْ تَغْفِرَلِیْ

چھوڑنا اور مسکینوں سے محبت رکھنا اور یہ کہ تو مجھے بخش دے

وَ تَرْحَمَنِیْ وَ اِذَا اَرَدْتَّ بِقَوْمٍ فِتْنَةً فَتَوَفَّنِیْ

اور مجھ پر رحم فرما اور جب تو کسی قوم کو فتنہ میں ڈالنا چاہے تو مجھے فتنہ میں مبتلا کئے بغیر

غَيْرَ مَفْتُوْنٍ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ حُبَّكَ وَحُبَّ

دنیا سے اٹھا لے اے اللہ میں تجھ سے مانگتا ہوں تیری محبت اور ان کی محبت

مَنْ يُّحِبُّكَ وَ الْعَمَلَ الَّذِیْ يُبَلِّغُنِیْ حُبَّكَ

جو تجھ سے محبت رکھیں اور ایسا عمل جو مجھے تیری محبت تک پہنچا دے

٣٧ اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ حُبَّكَ اَحَبَّ اِلَیَّ مِنْ

اے اللہ اپنی محبت کو میرے لئے زیادہ پیارا بنا دے

٣٥ ترمذی رقم ٣٤٨٣ ص ٥٤٩

٣٦ المستدرک رقم ١٩٣٢ ص ٧٠٨ ج ١

٣٧ حضرت داؤد علیہ السلام کی دعا ترمذی رقم ٣٤٩٠ ص ٥٥٠

نَفْسِیْ وَ اَھْلِیْ وَمِنَ الْمَآءِ الْبَارِدِ

میرے نفس سے اور میرے بال بچوں اور ٹھنڈے پانی سے

۳۸ اَللّٰھُمَّ ارْزُقْنِیْ حُبَّكَ وَحُبَّ مَنْ یَّنْفَعُنِیْ

اے اللہ مجھے نصیب فرما اپنی محبت اور اس کی محبت جس کی محبت تیرے ہاں مجھے فائدہ بخشے

حُبُّهٗ عِنْدَكَ اَللّٰھُمَّ فَکَمَا رَزَقْتَنِیْ مِمَّا اُحِبُّ

اے اللہ جس طرح تو نے مجھے وہ چیزیں عطا فرمائیں جو مجھے پسند تھی پس ان کو میرے لئے

فَاجْعَلْهُ قُوَّةً لِّیْ فِیْمَا تُحِبُّ اَللّٰھُمَّ وَمَا زَوَیْتَ

ان کاموں میں طاقت کا سبب بنا جو تجھے پسند ہیں اور جو چیز میری پسندیدہ اشیاء میں سے

عَنِّیْ مِمَّا اُحِبُّ فَاجْعَلْهُ فَرَاغًا لِّیْ فِیْمَا تُحِبُّ

مجھے عطا نہیں فرمائیں ان کو اپنے پسندیدہ کاموں میں مشغول ہونے کے لئے فراغت کا سبب بنا

۳۹ یَا مُقَلِّبَ الْقُلُوْبِ ثَبِّتْ قَلْبِیْ عَلٰی دِیْنِكَ

اے دلوں کے پلٹنے والے میرے دل کو اپنے دین پر جمائے رکھ

۴۰ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ اِیْمَانًا لَّا یَرْتَدُّ

اے اللہ میں تجھ سے وہ ایمان مانگتا ہوں جسے ارتداد لاحق نہ ہو

وَنَعِیْمًا لَّا یَنْفَدُ وَمُرَافَقَةَ نَبِیِّنَا سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ

اور وہ نعمت جو ختم نہ ہو اور اپنے نبی سیدنا محمد صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی رفاقت مانگتا ہوں

۳۸ ترمذی رقم ۳۴۹۱ ص ۵۵۰ ۳۹ آپ صلی اللہ علیہ وسلم اس دعا کو کثرت سے مانگا کرتے تھے ترمذی رقم ۲۱۴۰ ص ۳۵۶ ۴۰ المستدرک رقم ۱۹۲۸ ص ۷۰۷ ج ۱

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ اَعْلٰى دَرَجَةِ الْجَنَّةِ

دائمی جنت کے بلند ترین درجہ میں

جَنَّةِ الْخُلْدِ

یعنی جنت الخلد میں

۴۱ اَللّٰهُمَّ انْفَعْنِيْ بِمَا عَلَّمْتَنِيْ وَعَلِّمْنِيْ مَا

الٰہی مجھے اس علم سے منتفع فرما جو تو نے مجھے دیا ہے اور وہی علم دے

يَنْفَعُنِيْ وَزِدْنِيْ عِلْمًا اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلٰى كُلِّ حَالٍ

جو مجھے مفید ہو اور میرے علم میں ترقی بخش، اللہ کا شکر ہے ہر حال میں

وَّاَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنْ حَالِ اَهْلِ النَّارِ

اور میں اللہ کی پناہ مانگتا ہوں اہل دوزخ کے حال سے

۴۲ اَللّٰهُمَّ بِعِلْمِكَ الْغَيْبَ وَقُدْرَتِكَ عَلَى

الٰہی اپنے علم غیب اور مخلوق پر اپنی قدرت کے طفیل

الْخَلْقِ اَحْيِنِيْ مَا عَلِمْتَ الْحَيٰوةَ خَيْرًا لِّيْ وَتَوَفَّنِيْ

مجھے اس وقت تک زندہ رکھنا جب تک تو زندگی کو میرے لئے بہتر جانے اور مجھے موت دے دینا

اِذَا عَلِمْتَ الْوَفَاةَ خَيْرًا لِّيْ وَاَسْئَلُكَ خَشْيَتَكَ

اس وقت جب تو موت کو میرے لئے بہتر سمجھے اور میں تجھ سے تیرا خوف مانگتا ہوں

۴۱ ترمذی رقم ۳۵۹۹ ص ۵۶۴ ۴۲ نسائی رقم ۱۳۰۱ ص ۳۲۸

فِي الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ وَكَلِمَةَ الْإِخْلَاصِ فِي الرِّضَا

غائب وحاضر ہر حال میں، اور مخلصانہ کلام رضا و غصہ

وَالْغَضَبِ وَاَسْئَلُكَ الْقَصْدَ فِي الْفَقْرِ وَالْغِنٰى

ہر حالت میں اور تجھ سے میانہ روی مانگتا ہوں افلاس اور تونگری کے حال میں

وَاَسْئَلُكَ نَعِيمًا لَّا يَنْفَدُ وَقُرَّةَ عَيْنٍ لَّا تَنْقَطِعُ

اور تجھ سے وہ نعمت مانگتا ہوں جو ختم نہ ہو اور وہ آنکھوں کی ٹھنڈک جو منقطع نہ ہو

وَاَسْئَلُكَ الرِّضَا بِالْقَضَاءِ وَبَرْدَ الْعَيْشِ بَعْدَ

اور تجھ سے رضا بر قضا مانگتا ہوں اور موت کے بعد مزے دار زندگی

الْمَوْتِ وَلَذَّةَ النَّظَرِ اِلٰى وَجْهِكَ وَالشَّوْقَ اِلٰى

مانگتا ہوں اور تیرے رخ انور کے دیدار کی لذت مانگتا ہوں اور تیری ملاقات کا شوق

لِقَآئِكَ وَاَعُوْذُ بِكَ مِنْ ضَرَّآءَ مُضِرَّةٍ وَّفِتْنَةٍ مُّضِلَّةٍ

مانگتا ہوں او تیری پناہ چاہتا ہوں پریشان کن مضرت اور گمراہ کن فتنہ سے

اَللّٰهُمَّ زَيِّنَّا بِزِيْنَةِ الْاِيْمَانِ وَاجْعَلْنَا هُدَاةً مُّهْتَدِيْنَ

اے اللہ ہمیں ایمان کی زینت سے مزین فرما اور ہمیں ہدایت یافتہ لوگوں میں شامل فرما

۴۳ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْئَلُكَ مِنَ الْخَيْرِ كُلِّهٖ عَاجِلِهٖ

الٰہی میں تجھ سے ہر قسم کی بھلائی مانگتا ہوں دنیا کی بھی

۴۳ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ دعا حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کو سکھائی مکمل دعا ابن ماجۃ رقم ۳۸۴۶ ص ۴۱۱ پر موجود ہے

وَاٰجِلِهٖ مَا عَلِمْتُ مِنْهُ وَمَا لَمْ اَعْلَمْ وَاَعُوْذُ بِكَ

اور آخرت کی بھی جسے میں جانتا ہوں وہ بھی اور جسے نہیں جانتا ہوں وہ بھی

مِنَ الشَّرِّ كُلِّهٖ عَاجِلِهٖ وَاٰجِلِهٖ مَا عَلِمْتُ مِنْهُ

اور ہر قسم کی برائی سے تیری پناہ چاہتا ہوں دنیا کی بھی اور آخرت کی بھی جسے میں جانتا ہوں

وَمَا لَمْ اَعْلَمْ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْٓ اَسْئَلُكَ الْجَنَّةَ وَمَا

وہ بھی اور جسے نہیں جانتا ہوں وہ بھی، الٰہی میں تجھ سے جنت مانگتا ہوں اور جو اس کے

قَرَّبَ اِلَيْهَا مِنْ قَوْلٍ اَوْ عَمَلٍ وَّاَعُوْذُ بِكَ مِنَ

قریب کرے چاہے قول ہو یا عمل اور دوزخ سے تیری پناہ مانگتا ہوں

النَّارِ وَمَا قَرَّبَ اِلَيْهَا مِنْ قَوْلٍ اَوْ عَمَلٍ

اور جو اس کے قریب کرے خواہ قول ہو یا عمل

وَّاَسْئَلُكَ اَنْ تَجْعَلَ كُلَّ قَضَآءٍ لِّيْ خَيْرًا وَّاَسْئَلُكَ

اور تجھ سے درخواست کرتا ہوں کہ میرے لئے ہر امر مقدر کو خیر بنادے اور میں تجھ سے التجا

مَا قَضَيْتَ لِيْ مِنْ اَمْرٍ اَنْ تَجْعَلَ عَاقِبَتَهٗ رُشْدًا

کرتا ہوں کہ جو امر بھی تو نے میرے مقدر لکھا ہے اس کا انجام بہتر کردے

۴۴ اَللّٰهُمَّ اَحْسِنْ عَاقِبَتَنَا فِي الْاُمُوْرِ كُلِّهَا

الٰہی تمام امور میں ہمارا انجام بخیر فرما

۴۴ المستدرک رقم ۶۵۰۸ ص ۶۸۳ ج ۳

۴۵ المستدرک رقم ۱۹۲۴ ص ۷۰۶ ج ۱

وَاَجِرْنَا مِنْ خِزْيِ الدُّنْيَا وَعَذَابِ الْاٰخِرَةِ

اور ہمیں دنیا کی رسوائی اور آخرت کے عذاب سے محفوظ رکھ

۴۵ اَللّٰهُمَّ احْفَظْنِيْ بِالْاِسْلَامِ قَائِمًا

الٰہی میری حفاظت فرما کہ اسلام پر رہوں کھڑے ہوئے ہونے کی حالت میں

وَّاحْفَظْنِيْ بِالْاِسْلَامِ قَاعِدًا وَاحْفَظْنِيْ بِالْاِسْلَامِ

اور میری حفاظت فرما کہ اسلام پر رہوں بیٹھے ہوئے ہونے کی حالت میں اور میری حفاظت فرما

رَاقِدًا وَّلَا تُشْمِتْ بِيْ عَدُوًّا وَّلَا حَاسِدًا اَللّٰهُمَّ

کہ اسلام پر رہوں سوئے ہوئے ہونے کی حالت میں اور مجھ پر دشمن کو اور حاسد کو مت ہنسا

اِنِّيْ اَسْئَلُكَ مِنْ كُلِّ خَيْرٍ خَزَآئِنُهٗ بِيَدِكَ

الٰہی میں تجھ سے ہر بھلائی مانگتا ہوں جس کے خزانے تیرے ہاتھ میں ہیں

وَاَعُوْذُبِكَ مِنْ كُلِّ شَرٍّ خَزَآئِنُهٗ بِيَدِكَ

اور تیری ہر برائی سے پناہ چاہتا ہوں جس کے خزانے تیرے ہاتھ میں ہیں

وَاَعُوْذُبِكَ مِنْ شَرِّ مَا اَنْتَ اٰخِذٌ بِنَاصِيَتِهٖ

اور تیری پناہ مانگتا ہوں ہر اس چیز کے شر سے جس کی پیشانی کو تو تھامے ہوئے ہے

۴۶ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْئَلُكَ عِيْشَةً نَّقِيَّةً وَّمِيْتَةً

الٰہی میں تجھ سے ستھری زندگانی اور اچھی موت

۴۶ المستدرک رقم ۱۹۸۶ ص ۷۲۵ ج ۱

سَوِيَّةً وَّمَرَدًّا غَيْرَ مَخْزِيٍّ وَّلَا فَاضِحٍ

اور بلا ذلت ورسوائی کی واپسی مانگتا ہوں

۴۷ اَللّٰهُمَّ اِنِّىْ ضَعِيْفٌ فَقَوِّ فِىْ رِضَاكَ ضَعْفِىْ

الٰہی میں کمزور ہوں پس اپنی رضا میں میری ناتوانی کو قوت دے

وَخُذْ اِلَى الْخَيْرِ بِنَاصِيَتِىْ وَاجْعَلِ الْاِسْلَامَ

اور خیر کی طرف میری پیشانی کو کھینچ کر لے جا اور اسلام کو

مُنْتَهٰى رِضَائِىْ اَللّٰهُمَّ اِنِّىْ ضَعِيْفٌ فَقَوِّنِىْ وَاِنِّىْ

میری انتہائی خوشی بنا اے اللہ میں ناتواں ہوں پس مجھے قوت بخش

ذَلِيْلٌ فَاَعِزَّنِىْ وَاِنِّىْ فَقِيْرٌ فَارْزُقْنِىْ

اور میں ذلیل ہوں پس مجھے عزت بخش اور میں محتاج ہوں پس مجھے روزی بخش

۴۷ المستدرک رقم ۱۹۳۱ ص ۷۰۸ ج ۱

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

۱ اَللّٰهُمَّ اِنِّيۡ اَسۡئَلُكَ خَيۡرَ الۡمَسۡئَلَةِ وَخَيۡرَ

اے اللہ میں تجھ سے مانگتا ہوں بہتر مانگنا

الدُّعَآءِ وَخَيۡرَ النَّجَاحِ وَخَيۡرَ الۡعَمَلِ وَخَيۡرَ

اور بہتر پکارنا اور بہتر کامیابی اور بہتر عمل

الثَّوَابِ وَخَيۡرَ الۡحَيٰوةِ وَخَيۡرَ الۡمَمَاتِ وَثَبِّتۡنِيۡ

اور بہتر صلہ اور بہتر جینا اور بہتر مرنا اور مجھے ثابت قدم رکھ

وَثَقِّلۡ مَوَازِيۡنِيۡ وَحَقِّقۡ اِيۡمَانِيۡ وَارۡفَعۡ دَرَجَتِيۡ

اور میری میزان اعمال کو بھاری کردے اور میرے ایمان کو سچا بنادے

وَتَقَبَّلۡ صَلَاتِيۡ وَاغۡفِرۡ خَطِيۡئَتِيۡ وَاَسۡئَلُكَ

اور میرا درجہ بلند فرمادے اور میری نماز قبول فرما اور میری خطا بخش دے

الدَّرَجَاتِ الۡعُلٰى مِنَ الۡجَنَّةِ اٰمِيۡنَ

اور میں تجھ سے جنت کے بلند درجات مانگتا ہوں، میری دعا قبول فرمالے

۱ المستدرک رقم ۱۹۱۱ ص ۷۰۱ ج ۱ ، مجمع الزوائد رقم ۱۷۳۸۵ ص ۲۸۰ ج ۱۰

اَللّٰھُمَّ اِنِّیۡ اَسۡئَلُكَ فَوَاتِحَ الۡخَیۡرِ وَ خَوَاتِمَهٗ

الٰہی میں تجھ سے ہر خیر وخوبی کی ابتداء اور اس کی انتہاء اور اس کا مجموعہ

وَجَوَامِعَهٗ وَكَوَامِلَهٗ وَاَوَّلَهٗ وَاٰخِرَهٗ وَظَاهِرَهٗ

اور اس کا کامل اور مکمل حصہ اور اس کا اول اور اس کا آخر اور اس کا ظاہر

وَبَاطِنَهٗ وَالدَّرَجَاتِ الۡعُلٰی مِنَ الۡجَنَّةِ اٰمِیۡنَ

اور اس کا باطن اور جنت کے بلند درجات مانگتا ہوں، میری دعا قبول فرمالے

اَللّٰھُمَّ نَجِّنِیۡ مِنَ النَّارِ وَاغۡفِرۡلِیۡ مَغۡفِرَةً بِاللَّیۡلِ

الٰہی مجھے دوزخ سے نجات دے اور مجھے شب و روز مغفرت نصیب فرما

وَالنَّهَارِ وَالۡمَنۡزِلَ الصَّالِحَ مِنَ الۡجَنَّةِ اٰمِیۡنَ

اور مجھے جنت کا عمدہ مکان عطا فرما، میری دعا قبول فرمالے

اَللّٰھُمَّ اِنِّیۡ اَسۡئَلُكَ خَلَاصًا مِّنَ النَّارِ سَالِمًا وَّاَنۡ

الٰہی میں تجھ سے سلامتی کے ساتھ دوزخ سے رہائی مانگتا ہوں

تُدۡخِلَنِیَ الۡجَنَّةَ اٰمِنًا اَللّٰھُمَّ اِنِّیۡ اَسۡئَلُكَ خَیۡرَ مَا اٰتِیۡ

اور یہ کہ مجھے جنت میں امن کے ساتھ داخل فرمادے الٰہی میں تجھ سے اس کی بھلائی مانگتا ہوں جو لاؤں

وَخَیۡرَ مَا اَفۡعَلُ وَخَیۡرَ مَا اَعۡمَلُ وَخَیۡرَ مَا بَطَنَ

اور اس کی بھلائی جو کروں اور اس کی بھلائی جو مجھ سے عمل میں آوے اور اس کی بھلائی جو

وَخَیۡرَ مَا ظَهَرَ وَالدَّرَجَاتِ الۡعُلٰی مِنَ الۡجَنَّةِ اٰمِیۡنَ

پوشیدہ ہے اور اس کی بھلائی جو ظاہر ہے اور جنت کے بلند درجات مانگتا ہوں، میری دعا قبول فرما

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ اَنْ تَرْفَعَ ذِكْرِیْ وَ تَضَعَ

الٰہی میں تجھ سے درخواست کرتا ہوں کہ میرا ذکر خیر بلند فرما اور میرا بوجھ

وِزْرِیْ وَ تُصْلِحَ اَمْرِیْ وَ تُطَهِّرَ قَلْبِیْ وَ تُحَصِّنَ

نیچے اتار دے اور میرا کام بنا دے اور میرا دل پاک کر دے اور میری شرمگاہ کی

فَرْجِیْ وَ تُنَوِّرَ لِیْ فِیْ قَبْرِیْ وَ تَغْفِرَ لِیْ ذَنْبِیْ

حفاظت فرما اور میری قبر روشن کر دے اور میرے گناہ بخش دے

وَ اَسْئَلُكَ الدَّرَجَاتِ الْعُلٰی مِنَ الْجَنَّةِ اٰمِیْنَ

اور میں تجھ سے جنت کے بلند درجات مانگتا ہوں، میری دعا قبول فرما لے

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ اَنْ تُبَارِكَ لِیْ فِیْ سَمْعِیْ وَ فِیْ

الٰہی میں تجھ سے درخواست کرتا ہوں کہ میری سماعت اور میری بصارت اور

بَصَرِیْ وَ فِیْ رُوْحِیْ وَ فِیْ خَلْقِیْ وَ فِیْ خُلُقِیْ وَ فِیْ اَهْلِیْ

میری روح اور میرے بدن اور میری خصلت اور میرے بال بچوں اور میرے

وَ فِیْ مَالِیْ وَ فِیْ مَحْيَایَ وَ فِیْ مَمَاتِیْ وَ فِیْ عَمَلِیْ

مال اور میرے جینے اور میرے مرنے اور میرے عمل میں برکت عطا فرما

اَللّٰهُمَّ وَ تَقَبَّلْ حَسَنَاتِیْ وَ اَسْئَلُكَ الدَّرَجَاتِ

اور اے اللہ قبول فرما لے میری نیکیوں کو اور میں تجھ سے جنت کے

الْعُلٰی مِنَ الْجَنَّةِ اٰمِیْنَ

بلند درجات کا سوال کرتا ہوں، میری دعا قبول فرما لے

۲

اَللّٰھُمَّ اجْعَلْ اَوْسَعَ رِزْقِكَ عَلَیَّ عِنْدَ

اے اللہ سب سے زیادہ فراخ روزی مجھے میرے بڑھاپے

كِبَرِ سِنِّیْ وَانْقِطَاعِ عُمْرِیْ

اور اختتام عمر کے وقت فرما

۳

یَا مَنْ لَّا تَرَاهُ الْعُیُوْنُ وَلَا تُخَالِطُهُ

اے وہ ذات جس کو نہ آنکھیں دیکھ سکتی ہیں اور نہ گمانوں کی اس تک رسائی

الظُّنُوْنُ وَلَا یَصِفُهُ الْوَاصِفُوْنَ وَلَا تُغَیِّرُهُ

ہوسکتی ہے اور نہ اس کے کوئی اوصاف بیان کرسکتا ہے اور نہ حوادث اس میں

الْحَوَادِثُ وَلَا یَخْشَی الدَّوَآئِرَ یَعْلَمُ مَثَاقِیْلَ

تغیر پیدا کر سکتے ہیں اور نہ اسے گردش زمانہ کا اندیشہ لاحق ہے وہ جانتا ہے

الْجِبَالِ وَمَکَآئِیْلَ الْبِحَارِ وَعَدَدَ قَطْرِ الْاَمْطَارِ

پہاڑوں کے وزن اور سمندروں کے پیمانے اور بارش کی بوندوں کی شمار

وَعَدَدَ وَرَقِ الْاَشْجَارِ وَعَدَدَ مَا اَظْلَمَ عَلَیْهِ اللَّیْلُ

اور درختوں کے پتوں کی تعداد اور جن کو رات تاریک کرتی ہے اور دن روشن

وَاَشْرَقَ عَلَیْهِ النَّهَارُ وَلَا تُوَارِیْ مِنْهُ سَمَآءٌ سَمَآءً

کرتا ہے ان کی گنتی اور نہ ایک آسمان دوسرے آسمان کو اس سے چھپا سکتا ہے

۲ المستدرک رقم ۱۹۸۷ ص ۷۲۶ ج ۱ ۳ المعجم الاوسط رقم ۹۴۴۸ ص ۱۷۲ ج ۹

وَّلَا اَرْضٌ اَرْضًا وَّلَا بَحْرٌ مَّا فِيْ قَعْرِهٖ وَلَا جَبَلٌ

اور نہ ایک زمین دوسری زمین کو اور نہ سمندر اپنی تہہ کو اور نہ پہاڑ اپنے

مَا فِيْ وَعْرِهٖ اجْعَلْ خَيْرَ عُمُرِيْ اٰخِرَهٗ وَخَيْرَ عَمَلِيْ

اندر کی ٹھوس چیز کو، میری عمر کا بہترین حصہ اخیر عمر کو بنا اور میرے بہترین

خَوَاتِيْمَهٗ وَخَيْرَ اَيَّامِيْ يَوْمَ اَلْقَاكَ فِيْهِ

عمل آخری اعمال کو اور میرے ایام کا بہترین دن وہ ہو جس میں تجھ سے ملنا ہو

۴ يَا وَلِيَّ الْاِسْلَامِ وَاَهْلِهٖ ثَبِّتْنِيْ بِهٖ حَتّٰى اَلْقَاكَ

اے اسلام اور اہل اسلام کے مولیٰ مجھے اسلام پر قائم رکھ حتی کہ تجھ سے ملوں

۵ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْئَلُكَ غِنَايَ وَغِنَا مَوْلَايَ

الٰہی میں تجھ سے اپنے لئے اور اپنے عزیزوں کے لئے غناء مانگتا ہوں

٦ اَللّٰهُمَّ اغْفِرْلِيْ وَارْحَمْنِيْ وَاَدْخِلْنِيْ الْجَنَّةَ

الٰہی میری مغفرت فرما اور مجھ پر رحم فرما اور مجھے جنت میں داخل فرما

۷ اَللّٰهُمَّ اجْعَلْنِيْ صَبُوْرًا وَّاجْعَلْنِيْ شَكُوْرًا

اے اللہ مجھے بڑا صابر بنا اور مجھے بڑا شکر گزار بنا

وَاجْعَلْنِيْ فِيْ عَيْنِيْ صَغِيْرًا وَّفِيْ اَعْيُنِ النَّاسِ كَبِيْرًا

اور مجھے میری نظر میں چھوٹا اور دوسروں کی نظروں میں بڑا بنا

۴ المعجم الاوسط رقم ٦٦١ ص ٣٣٤ ج ١ | ۵ مسند احمد رقم ١٥٧٥٤ ص ٣٣ ج ٢٥

٦ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان ہے کہ آدمی کے لئے یہ دعا کافی ہے المعجم الکبیر رقم ٦٦٧٠ ص ١٨٢ ج ٧

۷ مجمع الزوائد رقم ١٧٤١٢ ص ٢٨٩ ج ١٠

۸

اَللّٰھُمَّ اِنِّیۡ اَسۡئَلُكَ عِلۡمًا نَّافِعًا وَّعَمَلًا

الٰہی میں تجھ سے فائدہ مند علم اور قابل قبول عمل

مُّتَقَبَّلًا وَّرِزۡقًا حَلَالًا طَیِّبًا

اور حلال وطیب رزق مانگتا ہوں

۹

اَللّٰھُمَّ اِنِّیۡ اَسۡتَغۡفِرُكَ لِذَنۡبِیۡ وَاَسۡتَھۡدِیۡكَ

الٰہی میں تجھ سے اپنے ہر گناہ کی مغفرت چاہتا ہوں اور تجھ سے رہنمائی چاہتا ہوں

لِمَرَاشِدِ اَمۡرِیۡ وَاَسۡتَجِیۡرُكَ مِنۡ شَرِّ نَفۡسِیۡ وَ

اپنے ہر کام میں شائستگی کی اور تیری پناہ چاہتا ہوں اپنے نفس کی شرارت سے

اَتُوۡبُ اِلَیۡكَ فَتُبۡ عَلَیَّ اِنَّكَ اَنۡتَ رَبِّیۡ اَللّٰھُمَّ فَاجۡعَلۡ

اور تجھ سے توبہ کرتا ہوں پس میری توبہ قبول فرما بے شک تو ہی میرا رب ہے پس اے اللہ

رَغۡبَتِیۡ اِلَیۡكَ وَاجۡعَلۡ غِنَایَ فِیۡ صَدۡرِیۡ وَبَارِكۡ

میری رغبت اپنی طرف کرا اور میرا استغنا میرے سینہ میں رکھ دے اور مجھے برکت عطا فرما

لِیۡ فِیۡمَا رَزَقۡتَنِیۡ وَتَقَبَّلۡ مِنِّیۡ اِنَّكَ اَنۡتَ رَبِّیۡ

اس روزی میں جو تو نے مجھے عطا فرمائی اور میرا عمل قبول فرما بے شک تو ہی میرا رب ہے

۱۰

یَامَنۡ اَظۡھَرَ الۡجَمِیۡلَ وَسَتَرَ عَلَیَّ الۡقَبِیۡحَ

اے وہ ذات جس نے خوبی کا اظہار فرمایا اور میرے عیب پر پردہ ڈالا

۸ فجر کی نماز کے بعد کی دعا مسند احمد رقم ۲۶۵۲۱ ص ۱۴۰ ج ۴۴ ۹ مصنف ابن ابی شیبۃ رقم ۲۹۸۷۸ ص ۱۳۸ ج ۱۵ ۱۰ عرش کے خزانوں میں سے ایک دعا جس کے ذریعہ اللہ تعالیٰ نے اپنے حبیب صلی اللہ علیہ وسلم کا اکرام کیا المستدرک رقم ۱۹۹۸ ص ۷۲۹ ج ۱

يَا مَنْ لَّا يُؤَاخِذُ بِالْجَرِيْرَةِ وَلَا يَهْتِكُ السِّتْرَ

اے وہ ذات جو نہ جرم کی گرفت کرتی ہے اور نہ پردہ دری فرماتی ہے

يَا عَظِيْمَ الْعَفْوِ يَا حَسَنَ التَّجَاوُزِ يَا وَاسِعَ الْمَغْفِرَةِ

اے بے حد معافی والے اے خوب درگزر کرنے والے اے وسیع مغفرت والے

يَا بَاسِطَ الْيَدَيْنِ بِالرَّحْمَةِ يَا صَاحِبَ كُلِّ نَجْوٰى

اے لطف وکرم کے دونوں ہاتھ پھیلانے والے اے ہر سرگوشی کے ساتھی

وَّيَا مُنْتَهٰى كُلِّ شَكْوٰى يَا كَرِيْمَ الصَّفْحِ

اور اے ہر شکوہ کے منتہی اے عجیب درگزر کرنے والے

يَا عَظِيْمَ الْمَنِّ يَا مُبْدِئَ النِّعَمِ قَبْلَ اسْتِحْقَاقِهَا

اے شاندار احسانات والے اے قبل از استحقاق ابتداءً انعام کرنے والے

يَا رَبَّنَا وَيَا سَيِّدَنَا وَيَا مَوْلٰنَا وَيَا غَايَةَ رَغْبَتِنَا

اے ہمارے رب اور ہمارے سردار اور اے ہمارے مولیٰ اور اے ہمارے انتہائی مقصود

اَسْئَلُكَ يَا اَللّٰهُ اَنْ لَّا تَشْوِيَ خَلْقِيْ بِالنَّارِ

میں تجھ سے التجا کرتا ہوں کہ اے اللہ میرے جسم کو آگ میں نہ جلانا

۱۱ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْئَلُكَ مِنْ فَضْلِكَ وَرَحْمَتِكَ

الٰہی میں تجھ سے تیرا فضل اور تیری رحمت مانگتا ہوں

۱۱ حصول رزق اور اللہ کے فضل کی طلب کے لئے دعا المعجم الکبیر رقم ۱۰۳۷۹ ص ۲۲۰ ج ۱۰

فَاِنَّهٗ لَا یَمۡلِکُهَا اِلَّا اَنۡتَ

کیونکہ تیرے سوا ان کا کوئی مالک نہیں

۱۲ اَللّٰهُمَّ اَحۡسَنۡتَ خَلۡقِیۡ فَاَحۡسِنۡ خُلُقِیۡ

الٰہی تونے میری صورت کو حسین بنایا ہے پس میری سیرت کو حسین بنادے

۱۳ رَبِّ اغۡفِرۡ وَارۡحَمۡ وَاهۡدِنِی السَّبِیۡلَ الۡاَقۡوَمَ

اے رب بخش دے اور رحم فرما اور مجھے سیدھا راستہ دکھا

۱۴ اَللّٰهُمَّ رَبَّ النَّبِیِّ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰهُ

اے اللہ اے ہمارے نبی سیدنا محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے رب

عَلَیۡهِ وَسَلَّمَ اِغۡفِرۡ لِیۡ ذَنۡبِیۡ وَاَذۡهِبۡ عَنِّیۡ غَیۡظَ

میرا ہر گناہ بخش دے اور میرے دل سے غصہ کی عادت نکال دے

قَلۡبِیۡ وَاَجِرۡنِیۡ مِنۡ مُّضِلَّاتِ الۡفِتَنِ مَآ اَحۡیَیۡتَنَا

اور مجھے گمراہ کن فتنوں سے محفوظ رکھ جب تک بھی ہمیں زندہ رکھے

۱۵ اَللّٰهُمَّ ارۡزُقۡنِیۡ طَیِّبًا وَّاسۡتَعۡمِلۡنِیۡ طَیِّبًا

الٰہی مجھے حلال روزی نصیب فرما اور مجھے اچھے عمل میں لگائے رکھ

۱۶ اَللّٰهُمَّ اِنِّیۡ اَسۡئَلُكَ مِنۡ فُجَآءَةِ الۡخَیۡرِ

الٰہی میں تجھ سے کسی سبب کے بغیر بھلائی مانگتا ہوں

۱۲ مسند احمد رقم ۳۸۲۳ ص ۳۷۳ ج ۶ ۱۳ مسند احمد رقم ۲۶۵۹۱ ص ۲۱۳ ج ۴۴

۱۴ مسند احمد رقم ۲۶۵۷۶ ص ۲۰۱ ج ۴۴ ۱۵ کنز العمال رقم ۳۸۶۱ ص ۲۲۴ ج ۲

۱۶ مسند ابی یعلی رقم ۳۳۷۱ ص ۱۰۶ ج ۶

وَاَعُوْذُبِكَ مِنْ فُجَآءَةِ الشَّرِّ

اور ناگہانی برائی سے تیری پناہ چاہتا ہوں

١٧ اَللّٰهُمَّ اَنْتَ السَّلَامُ وَمِنْكَ السَّلَامُ

الٰہی تو ہی سلام ہے اور تیری ہی طرف سے سلامتی ہے

وَاِلَيْكَ يَعُوْدُ السَّلَامُ اَسْئَلُكَ يَا ذَا الْجَلَالِ

اور تیری ہی طرف سلامتی لوٹ جاتی ہے میں تجھ سے درخواست کرتا ہوں اے جلال واکرام والے

وَالْاِكْرَامِ اَنْ تَسْتَجِيْبَ لَنَا دَعْوَتَنَا وَاَنْ تُعْطِيَنَا

کہ ہماری دعا کو قبول فرما اور ہماری خواہشات عطا فرما

رَغْبَتَنَا وَاَنْ تُغْنِيَنَا عَمَّنْ اَغْنَيْتَهٗ عَنَّا مِنْ خَلْقِكَ

اور اپنی مخلوق میں جس کو ہمارا محتاج نہیں کیا ہمیں بھی اس سے بے نیاز کردے

١٨ رَبِّ قِنِيْ عَذَابَكَ يَوْمَ تَبْعَثُ عِبَادَكَ

اے رب مجھے اپنے عذاب سے محفوظ رکھنا جس دن تو قبروں سے اپنے بندوں کو اٹھائے گا

١٩ اَللّٰهُمَّ خِرْلِيْ وَاخْتَرْلِيْ

الٰہی میرے لئے بہتر جانب پسند ومقدر فرما

٢٠ وَفِي الصَّحِيْحِ كَانَ اَكْثَرُ دُعَاءِ النَّبِيِّ

اور صحیح حدیث میں ہے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی اکثر دعا یہ ہوا کرتی تھی

١٧ کتاب الاذکار للنووی باب ما یقول اذا طلعت الشمس ص ١٦٤

١٨ رات کو سوتے ہوئے مانگنے کی دعا المعجم الاوسط رقم ٣٢٠٦ ص ٢٩٦ ج ٣

١٩ ترمذی رقم ٣٥١٦ ص ٥٥٣ ٢٠ کنز العمال رقم ٣٦٩٢ ص ١٨٩ ج ٢

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيۡهِ وَسَلَّمَ اَللّٰهُمَّ رَبَّنَآ اٰتِنَا فِي الدُّنۡيَا

اے اللہ اے ہمارے رب ہمیں دنیا میں بھی خوبی عطا فرما

حَسَنَةً وَّفِي الۡاٰخِرَةِ حَسَنَةً وَّقِنَا عَذَابَ النَّارِ ٥

اور آخرت میں بھی خوبی عطا فرما اور ہمیں دوزخ کے عذاب سے بچا

۲۱ بِسۡمِ اللّٰهِ عَلٰى نَفۡسِيۡ وَمَالِيۡ وَدِيۡنِيۡ

میری جان میرے مال اور دین پر اللہ تعالیٰ کے نام مبارک کی برکت ہو

اَللّٰهُمَّ اَرۡضِنِيۡ بِقَضَآئِكَ وَبَارِكۡ لِيۡ فِيۡمَا قُدِّرَ لِيۡ

الٰہی مجھے رضا بر قضا نصیب کر اور جو میرے لئے مقدر ہو اس میں برکت بخش تا کہ جسے تو نے

حَتّٰى لَآ اُحِبَّ تَعۡجِيۡلَ مَآ اَخَّرۡتَ وَلَا تَاخِيۡرَ مَا عَجَّلۡتَ

مؤخر کیا ہے اس میں جلدی اور جسے تو نے فی الحال مقدر کیا ہے اس میں تاخیر کو پسند نہ کروں

۲۲ اَللّٰهُمَّ لَا عَيۡشَ اِلَّا عَيۡشُ الۡاٰخِرَةِ

الٰہی بس عیش تو آخرت کا عیش ہے

۲۳ اَللّٰهُمَّ اَحۡيِنِيۡ مِسۡكِيۡنًا وَّاَمِتۡنِيۡ مِسۡكِيۡنًا

الٰہی مجھے مسکین بنا کر زندہ رکھ اور مجھے مسکنت پر مرنا نصیب فرما

وَّاحۡشُرۡنِيۡ فِيۡ زُمۡرَةِ الۡمَسَاكِيۡنَ

اور مساکین کے زمرہ میں میرا حشر فرمانا

۲۱ كتاب الاذكار للنووى باب ما يقول اذا تعسرت عليه معيشة ص ۲۲۷

۲۲ بخارى رقم ۲۸۰۱ ص ۱۰۸۱ ۲۳ ابن ماجة رقم ۴۱۲۶ ص ۴۴۶

۲۴ اَللّٰهُمَّ اجْعَلْنِیْ مِنَ الَّذِیْنَ اِذَا اَحْسَنُوْا

الٰہی مجھے بنا ان لوگوں میں سے جو نیک عمل کرتے ہیں

اسْتَبْشَرُوْا وَاِذَا اَسَآءُوْا اسْتَغْفَرُوْا

تو مسرور ہوتے ہیں اور جب کوئی عمل بد کر بیٹھتے ہیں تو استغفار کرتے ہیں

۲۵ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ رَحْمَةً مِّنْ عِنْدِكَ

الٰہی میں تجھ سے مانگتا ہوں تیری خاص رحمت جس سے

تَهْدِیْ بِهَا قَلْبِیْ وَتَجْمَعُ بِهَا اَمْرِیْ وَتَلُمُّ بِهَا

تو میرے قلب کی رہنمائی فرمائے اور میرے ہر معاملہ میں یکسوئی بخشے اور میرے انتشار کو

شَعْثِیْ وَتُصْلِحُ بِهَا دِیْنِیْ وَتَقْضِیْ بِهَا دَیْنِیْ

جمعیت نصیب فرمائے اور میرے دین کو سنوار دے اور میرے قرضے کو ادا کر دے

وَتَحْفَظُ بِهَا غَآئِبِیْ وَتَرْفَعُ بِهَا شَاهِدِیْ وَتُبَیِّضُ

اور میری غیر حاضری کے معاملات کی حفاظت فرمائے اور میری موجودگی کے حالات کو رفعت بخشے

بِهَا وَجْهِیْ وَتُزَكِّیْ بِهَا عَمَلِیْ وَتُلْهِمُنِیْ بِهَا رُشْدِیْ

اور میرے چہرے کو روشن فرمائے اور میرے عمل کو صالح بنائے اور مجھے راہ صواب القاء فرمائے

وَتَرُدُّ بِهَا اُلْفَتِیْ وَتَعْصِمُنِیْ بِهَا مِنْ كُلِّ سُوْٓءٍ

اور میری انسیت کو واپس لوٹا دے اور مجھے ہر برائی سے محفوظ رکھے

۲۴ ابن ماجة رقم ۳۸۲۰ ص ۴۰۸ ۲۵ ترمذی رقم ۳۴۱۹ ص ۵۴۰ ، المعجم الوسیط رقم ۳۶۹۶ ص ۹۵ ج ۴ ، کنزالعمال رقم ۴۹۸۸ ص ۶۴۹ ج ۲

اَللّٰهُمَّ اَعْطِنِیْ اِیْمَانًا لَّا یَرْتَدُّ وَیَقِیْنًا لَّیْسَ بَعْدَهٗ

اے اللہ مجھے وہ ایمان عطا فرما جسے ارتداد لاحق نہ ہو اور وہ یقین جس کے بعد

كُفْرٌ وَّ رَحْمَةً اَنَالُ بِهَا شَرَفَ كَرَامَتِكَ فِی الدُّنْیَا

کفر نہ ہو اور وہ رحمت جس سے مجھے تیری عزت بخشی کا شرف نصیب ہو دنیا و آخرت میں

وَالْاٰخِرَةِ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ الْفَوْزَ فِی الْقَضَآءِ

اے اللہ میں تجھ سے امر مقدر میں فلاح

وَنُزُلَ الشُّهَدَآءِ وَعَیْشَ السُّعَدَآءِ وَمُرَافَقَةَ

اور شہداء کی ضیافت اور خوش نصیبوں کی زندگانی اور انبیاء کی محبت

الْاَنْبِیَآءِ وَالنَّصْرَ عَلَی الْاَعْدَآءِ اِنَّكَ سَمِیْعُ الدُّعَآءِ

اور دشمنوں پر غلبہ مانگتا ہوں بے شک تو دعا سنتا ہے

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اُنْزِلُ بِكَ حَاجَتِیْ وَاِنْ قَصُرَ رَأْیِیْ

الٰہی میں تجھ پر اپنی حاجت پیش کرتا ہوں اگرچہ میری رائے کوتاہ ہے

وَضَعُفَ عَمَلِیْ اِفْتَقَرْتُ اِلٰی رَحْمَتِكَ

اور میرا عمل ضعیف ہے، میں تیری رحمت کا محتاج ہوں

فَاَسْئَلُكَ یَا قَاضِیَ الْاُمُوْرِ وَیَا شَافِیَ الصُّدُوْرِ

پس اے کاموں کے پورا کرنے والے، اور سینوں کے شفا بخشنے والے میں تجھ سے مانگتا ہوں

كَمَا تُجِیْرُ بَیْنَ الْبُحُوْرِ اَنْ تُجِیْرَنِیْ مِنْ عَذَابِ

کہ جس طرح تو نے سمندروں کے درمیان فاصلہ کر رکھا ہے ایسے ہی مجھے عذاب دوزخ سے

السَّعِيْرِ وَمِنْ دَعْوَةِ الثُّبُوْرِ وَمِنْ فِتْنَةِ الْقُبُوْرِ

اور واویلا کی پکار سے اور قبروں کے فتنہ سے محفوظ رکھ

اَللّٰهُمَّ مَا قَصُرَ عَنْهُ رَأْيِيْ وَضَعُفَ عَنْهُ عَمَلِيْ

اے اللہ وہ خوبی جس کے سمجھے میں میری عقل قاصر اور جس کے حصول میں میرا عمل کمزور ہے

وَلَمْ تَبْلُغْهُ مُنْيَتِيْ وَمَسْاَلَتِيْ مِنْ خَيْرٍ وَّعَدْتَّهٗ اَحَدًا

اور اس تک میری تمنا اور سوال کی رسائی نہیں ہوئی اور اس کا تو نے اپنی مخلوق میں کسی سے

مِنْ خَلْقِكَ اَوْ خَيْرٍ اَنْتَ مُعْطِيْهِ اَحَدًا مِّنْ عِبَادِكَ

وعدہ فرمایا ہو یا وہ خوبی جسے تو اپنے کسی بندہ کو آئندہ عطا فرمانے والا ہو

فَاِنِّيْ اَرْغَبُ اِلَيْكَ فِيْهِ وَاَسْئَلُكَ بِرَحْمَتِكَ رَبَّ

پس میں تیرے حضور اس کی خواہش کرتا ہوں، اور تجھ سے تیری رحمت کا سوال کرتا ہوں اے تمام

الْعٰلَمِيْنَ اَللّٰهُمَّ ذَا الْحَبْلِ الشَّدِيْدِ وَالْاَمْرِ الرَّشِيْدِ

جہانوں کے رب، اے اللہ اے مضبوط عہد اور نیک کاموں کے مالک

اَسْئَلُكَ الْاَمْنَ يَوْمَ الْوَعِيْدِ وَالْجَنَّةَ يَوْمَ الْخُلُوْدِ

میں تجھ سے مانگتا ہوں عذاب کے دن امن اور جنت بروز دوام

مَعَ الْمُقَرَّبِيْنَ الشُّهُوْدِ الرُّكَّعِ السُّجُوْدِ الْمُوْفِيْنَ

ان لوگوں کے ہمراہ جو تیرے مقرب اور حضوری والے بندے ہیں، رکوع وسجدہ کرنے والے ہیں

بِالْعُهُوْدِ اِنَّكَ رَحِيْمٌ وَّدُوْدٌ اِنَّكَ تَفْعَلُ مَا تُرِيْدُ

عہد و پیمان پورا کرنے والے ہیں بے شک تو مہربان ومحبوب ہے بیشک تو جو چاہتا ہے کرتا ہے

اَللّٰهُمَّ اجْعَلْنَا هَادِيْنَ مُهْتَدِيْنَ غَيْرَ ضَآلِّيْنَ

الٰہی ہمیں ہدایت یافتہ اور دوسروں کو ہدایت دینے والا بنا اور گمراہ اور دوسروں

وَلَا مُضِلِّيْنَ سِلْمًا لِّاَوْلِيَائِكَ وَحَرْبًا لِّاَعْدَائِكَ

کو گمراہ کرنے والا نہ بنا، اپنے دوستوں کے لئے صلح والا اور اپنے دشمنوں کے لئے جنگ والا

نُحِبُّ بِحُبِّكَ مَنْ اَحَبَّكَ وَنُعَادِيْ بِعَدَاوَتِكَ

کہ تیری محبت کے سبب اس سے محبت کریں جو تجھ سے محبت رکھے اور تیری دشمنی کے سبب

مَنْ خَالَفَكَ مِنْ خَلْقِكَ اَللّٰهُمَّ هٰذَا الدُّعَآءُ

اس سے دشمنی رکھیں جو مخلوق میں تیرا مخالف ہو اے اللہ یہ دعا ہے

وَعَلَيْكَ الْاِجَابَةُ وَهٰذَا الْجَهْدُ وَعَلَيْكَ التُّكْلَانُ

اور تیرے ہاتھوں میں قبولیت ہے اور یہ سعی ہے اور تجھ پر ہی بھروسہ ہے

اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ لِّيْ نُوْرًا فِيْ قَلْبِيْ وَنُوْرًا فِيْ قَبْرِيْ

الٰہی میرے قلب میں نور ڈال دے اور میری قبر میں نور کر دے

وَنُوْرًا مِّنْ بَيْنِ يَدَيَّ وَنُوْرًا مِّنْ خَلْفِيْ وَنُوْرًا عَنْ

اور میرے آگے نور کر دے اور میرے پیچھے نور کر دے اور میرے دائیں نور کر دے

يَّمِيْنِيْ وَنُوْرًا عَنْ شِمَالِيْ وَنُوْرًا مِّنْ فَوْقِيْ وَنُوْرًا

اور میرے بائیں نور کر دے اور میرے اوپر نور کر دے اور میرے نیچے

مِّنْ تَحْتِيْ وَنُوْرًا فِيْ سَمْعِيْ وَنُوْرًا فِيْ بَصَرِيْ وَنُوْرًا

نور کر دے اور میری سماعت میں نور ڈال دے اور میری بینائی میں نور ڈال دے

فِیْ شَعْرِیْ وَنُوْرًا فِیْ بَشَرِیْ وَنُوْرًا فِیْ لَحْمِیْ

اور میرے بال بال میں نور ڈال دے اور میری کھال میں نور ڈال دے اور میرے گوشت میں

وَنُوْرًا فِیْ دَمِیْ وَنُوْرًا فِیْ مُخِّیْ وَنُوْرًا فِیْ عِظَامِیْ

نور ڈال دے اور میرے خون میں نور ڈال دے اور میری ہڈیوں میں نور ڈال دے

اَللّٰھُمَّ اَعْظِمْ لِیْ نُوْرًا وَّاَعْطِنِیْ نُوْرًا وَّاجْعَلْ لِّیْ

اے اللہ میرے لئے نور کو اور بڑا فرما اور مجھے نور عطا فرما اور میرے لئے نور کر دے

نُوْرًا وَّزِدْنِیْ نُوْرًا وَّزِدْنِیْ نُوْرًا وَّزِدْنِیْ نُوْرًا

اور میرے نور میں اضافہ فرما اور میرے نور میں اضافہ فرما اور میرے نور میں اضافہ فرما

سُبْحَانَ الَّذِیْ تَعَطَّفَ بِالْعِزِّ وَقَالَ بِہٖ سُبْحَانَ

پاک ہے وہ ذات عزت جس کی چادر ہے اور عزت اس کا فرمان ہے پاک ہے وہ ذات

الَّذِیْ لَبِسَ الْمَجْدَ وَتَکَرَّمَ بِہٖ سُبْحَانَ الَّذِیْ

جس نے کبرائی کو اپنا لباس بنایا اور اس سے متصف ہوا پاک ہے وہ ذات

لَا یَنْبَغِی التَّسْبِیْحُ اِلَّا لَہٗ سُبْحَانَ مَنْ اَحْصٰی کُلَّ

کہ پاکی زیبا نہیں مگر اسی کے لئے پاک ہے وہ ذات جس نے ہر شے کا اپنے علم

شَیْءٍ بِعِلْمِہٖ سُبْحَانَ ذِی الْفَضْلِ وَالطَّوْلِ سُبْحَانَ

سے احاطہ کر رکھا ہے پاک ہے وہ ذات جو صاحب فضل وعطا ہے پاک ہے وہ ذات

ذِی الْمَنِّ وَالنِّعَمِ سُبْحَانَ ذِی الْمَجْدِ وَالْکَرَمِ

جو صاحب احسان وانعامات ہے پاک ہے وہ ذات جو صاحب رفعت وسخا ہے

سُبۡحَانَ ذِی الۡجَلَالِ وَالۡاِکۡرَامِ

پاک ہے وہ ذات جو صاحب جلال واکرام ہے

۲۶ اَللّٰھُمَّ لَا تَکِلۡنِیۡ اِلٰی نَفۡسِیۡ طَرۡفَۃَ عَیۡنٍ

اے اللہ مجھے میرے نفس کے پلک جھپکنے بھر بھی حوالہ نہ کرنا

وَّلَا تَنۡزِعۡ مِنِّیۡ صَالِحَ مَا اَعۡطَیۡتَنِیۡ

اور مجھ سے وہ خوبی نہ چھیننا جو مجھے عطا فرما چکا ہے

۲۷ اَللّٰھُمَّ اِنَّکَ لَسۡتَ بِاِلٰہٍ اسۡتَحۡدَثۡنَاہُ

الٰہی تو ایسا معبود نہیں ہے جسے ہم نے ایجاد کر لیا ہو

وَلَا بِرَبٍّ یَّبِیۡدُ ذِکۡرُہٗ ابۡتَدَعۡنَاہُ وَلَا عَلَیۡکَ شُرَکَآءُ

اور نہ ہی ایسا رب ہے جس کا ذکر نا پائیدار ہو اور ہم نے اسے گھڑ لیا ہو اور نہ تیرے شریک ہیں جو تیری

یَقۡضُوۡنَ مَعَکَ وَلَا کَانَ لَنَا قَبۡلَکَ مِنۡ اِلٰہٍ نَّلۡجَأُ اِلَیۡہِ

حکومت میں شرکت رکھتے ہوں اور نہ ہی تجھ سے پہلے ہمارا کوئی معبود تھا جس کی طرف ہم التجا لے جائیں

وَنَذَرُکَ وَلَا اَعَانَکَ عَلٰی خَلۡقِنَا اَحَدٌ فَنُشۡرِکَہٗ فِیۡکَ

اور تجھ کو چھوڑ بیٹھیں اور نہ ہمارے پیدا کرنے میں کسی نے تیری مدد کی کہ اسے ہم تیرا شریک کار

تَبَارَکۡتَ وَتَعَالَیۡتَ فَنَسۡأَلُکَ لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنۡتَ اغۡفِرۡلِیۡ

سمجھ لیں تو بابرکت و بالاتر ہے لہٰذا تجھ سے درخواست کرتے ہیں تیرے سوا کوئی معبود نہیں مجھے بخش دے

۲۶ کنز العمال رقم ۳۶۷۴ ص ۱۸۶ ج ۲

۲۷ المستدرک رقم ۵۷۰۸ ص ۴۵۳ ج ۳ ، المعجم الکبیر رقم ۷۳۰۰ ص ۳۹ ج ۸

۲۸ اَللّٰھُمَّ اِنَّکَ تَسْمَعُ کَلَامِیْ وَ تَرٰی مَکَانِیْ

الٰہی تو میری بات کو سنتا ہے اور میری جگہ کو دیکھتا ہے

وَ تَعْلَمُ سِرِّیْ وَ عَلَانِیَتِیْ لَا یَخْفٰی عَلَیْکَ شَیْءٌ مِّنْ

اور جانتا ہے میرے چھپے اور کھلے کو تجھ پر میرا کوئی معاملہ بھی پوشیدہ نہیں

اَمْرِیْ وَ اَنَا الْبَآئِسُ الْفَقِیْرُ الْمُسْتَغِیْثُ الْمُسْتَجِیْرُ

اور میں مصیبت زدہ ہوں، محتاج ہوں، دہائی دیتا ہوں، پناہ ڈھونڈتا ہوں

الْوَجِلُ الْمُشْفِقُ الْمُقِرُّ الْمُعْتَرِفُ بِذَنْبِیْ اَسْأَلُکَ

خوف زدہ ہوں، کانپ رہا ہوں، اپنے گناہوں کا مقر و معترف ہوں، تجھ سے مانگتا ہوں

مَسْأَلَۃَ الْمِسْکِیْنِ وَ اَبْتَھِلُ اِلَیْکَ ابْتِھَالَ الْمُذْنِبِ

مسکین کے جیسا مانگنا اور تیرے سامنے گڑگڑاتا ہوں ایک ذلیل مجرم کی طرح

الذَّلِیْلِ وَ اَدْعُوْکَ دُعَآءَ الْخَآئِفِ الضَّرِیْرِ وَ دُعَآءَ

اور تجھے پکارتا ہوں خوف زدہ آفت رسیدہ کے جیسا پکارنا اور اس کے جیسا پکارنا

مَنْ خَضَعَتْ لَکَ رَقَبَتُہٗ وَ فَاضَتْ لَکَ عَبْرَتُہٗ

جس کی گردن تیرے سامنے جھک گئی اور اس کے آنسو جاری ہو گئے ہوں

وَ ذَلَّ لَکَ جِسْمُہٗ وَ رَغِمَ لَکَ اَنْفُہٗ اَللّٰھُمَّ

اور جس کا جسم سارا کا سارا تیرے سامنے ذلیل پڑا ہوا اور اس کی ناک خاک آلود ہو

۲۸ حجۃ الوداع میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی ایک دعا المعجم الکبیر رقم ۱۱۴۰۵ ص ۱۷۴ ج ۱۱

لَا تَجۡعَلۡنِیۡ بِدُعَآئِكَ شَقِیًّا وَّكُنۡ لِّیۡ رَءُوۡفًا

کہ اے میرے اللہ مجھے اپنے سے مانگنے میں محروم نہ فرمانا اور میرے لئے شفیق ومہربان

رَّحِیۡمًا یَا خَیۡرَ الۡمَسۡئُوۡلِیۡنَ وَیَا خَیۡرَ الۡمُعۡطِیۡنَ

بن جا اے ان سب سے بہتر جن سے سوال کیا جائے اور اے بہترین عطا فرمانے والے

۲۹ اَللّٰھُمَّ اِلَیۡكَ اَشۡكُوۡا ضُعۡفَ قُوَّتِیۡ وَقِلَّةَ

اے اللہ میں تجھ ہی سے شکوہ کرتا ہوں اپنی کمزوری اور اپنی کم تدبیری کا

حِیۡلَتِیۡ وَهَوَانِیۡ عَلَی النَّاسِ یَا اَرۡحَمَ الرَّاحِمِیۡنَ

اور لوگوں کی نظروں میں اپنے حقیر ہونے کا اے ارحم الراحمین

اِلٰی مَنۡ تَكِلُنِیۡ اِلٰی عَدُوٍّ یَّتَجَهَّمُنِیۡ اَمۡ اِلٰی قَرِیۡبٍ

تو مجھے کس کے حوالہ کرتا ہے؟ کیا کسی دشمن کے جو مجھ سے بیزار ہے یا کسی عزیز کے کہ اس کو

مَّلَّكۡتَهٗ اَمۡرِیۡ اِنۡ لَّمۡ تَكُنۡ سَاخِطًا عَلَیَّ فَلَا اُبَالِیۡ

میرے معاملہ کا اختیار دیا ہے؟ اگر یہ تو مجھ سے ناراض نہیں ہے تو مجھے اس کی بھی پرواہ نہیں ہے

غَیۡرَ اَنَّ عَافِیَتَكَ اَوۡسَعُ لِیۡ اَعُوۡذُ بِنُوۡرِ وَجۡهِكَ

مگر تیری دی ہوئی عافیت میں مجھے زیادہ گنجائش ہے، میں پناہ لیتا ہوں تیری کریم ذات کے

الۡكَرِیۡمِ الَّذِیۡ اَضَآءَتۡ لَهُ السَّمٰوٰتُ وَاَشۡرَقَتۡ لَهُ

نور کی جس سے روشن ہو گئے آسمان اور منور بن گئیں تاریکیاں

۲۹ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے حجۃ الوداع کے موقع پر یوم عرفہ کی شام جو دعائیں مانگی، یہ ان دعاؤں میں سے ایک ہے کنز العمال رقم ۳۶۱۳ ص ۱۷۵ ج ۲

الظُّلُمٰتُ وَصَلُحَ عَلَيْهِ اَمْرُ الدُّنْيَا وَ الْاٰخِرَةِ اَنْ

اور سنور گئے دنیا اور آخرت کے کام، اس بات سے

تُحِلَّ عَلَيَّ غَضَبَكَ وَتُنْزِلَ عَلَيَّ سَخَطَكَ وَلَكَ

کہ تو مجھ پر اپنا غصہ اتارے اور مجھ پر اپنی ناراضی نازل فرمائے اور تیری منت سماجت

الْعُتْبٰى حَتّٰى تَرْضٰى وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِكَ

کرتا رہوں گا جب تک تو راضی نہ ہو جائے اور نہ زور ہے نہ طاقت مگر تجھ سے

۳۰ اَللّٰهُمَّ وَاقِيَةً كَوَاقِيَةِ الْوَلِيْدِ

الٰہی اس طرح حفاظت فرما جیسے کہ بچہ کی حفاظت ہوتی ہے

۳۱ اَللّٰهُمَّ اِنَّا نَسْئَلُكَ قُلُوْبًا اَوَّاهَةً مُّخْبِتَةً

اے اللہ ہم تجھ سے خوب آہ وزاری کرنے والے دل مانگتے ہیں جو خوب انکساری والے

مُّنِيْبَةً فِيْ سَبِيْلِكَ

اور تیری راہ میں خوب توجہ کرنے والے ہوں

۳۲ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْئَلُكَ اِيْمَانًا يُّبَاشِرُ قَلْبِيْ

اے اللہ میں تجھ سے ایسا ایمان مانگتا ہوں جو گھل مل جائے میرے قلب میں

وَيَقِيْنًا صَادِقًا حَتّٰى اَعْلَمَ اَنَّهٗ لَا يُصِيْبُنِيْ اِلَّا

اور ایسا سچا یقین کہ سمجھ لوں مجھے کچھ نہیں مل سکتا بجز اس کے جو تو میرے لئے لکھ چکا

۳۰ کنز العمال رقم ۳۶۷۸ ص ۱۸۷ ج ۲

۳۱ المستدرک رقم ۱۹۵۷ ص ۷۱۶ ج ۱

۳۲ کنز العمال رقم ۳۶۵۷ ص ۱۸۴ ج ۲

مَا كَتَبْتَ لِيْ وَرِضًا مِّنَ الْمَعِيْشَةِ بِمَا قَسَمْتَ لِيْ

اور اس زندگانی پر راضی ہو جاؤں جو تو نے میرے لئے تقسیم فرمادی ہے

۳۳ اَللّٰهُمَّ لَكَ الْحَمْدُ كَالَّذِيْ تَقُوْلُ وَ خَيْرًا

اے اللہ تیرے لئے حمد ہے جیسی تو خود فرماتا ہے اور اس سے بہتر

مِّمَّا نَقُوْلُ اَللّٰهُمَّ لَكَ صَلَاتِيْ وَ نُسُكِيْ وَ مَحْيَايَ

جو ہم کرتے ہیں الٰہی تیرے ہی لئے ہے میری عبادت اور میری قربانی اور میرا جینا

وَ مَمَاتِيْ وَ اِلَيْكَ مَاٰبِيْ وَلَكَ رَبِّ تُرَاثِيْ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ

اور میرا مرنا اور تیری ہی طرف میرا اٹھکانا ہے اور تیرے ہی لئے میری وراثت ہے اے پروردگار

اَعُوْذُ بِكَ مِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ وَ وَسْوَسَةِ الصَّدْرِ

اے اللہ میں تیری پناہ مانگتا ہوں قبر کے عذاب سے اور سینہ کے وسوسے سے

وَشَتَاتِ الْاَمْرِ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْئَلُكَ مِنْ خَيْرِ مَا تَجِيْئُ

اور پراگندہ حالی سے، اے اللہ میں تجھ سے مانگتا ہوں بھلائی اس کی جسے ہوائیں لاتی ہیں

بِهِ الرِّيَاحُ وَاَعُوْذُ بِكَ مِنْ شَرِّ مَا تَجِيْئُ بِهِ الرِّيْحُ

اور پناہ مانگتا ہوں ان برائیوں سے جسے ہوا لاتی ہے

۳۴ اَللّٰهُمَّ اجْعَلْنِيْ اُعَظِّمُ شُكْرَكَ وَ اُكْثِرُ

الٰہی مجھے ایسا بنا کہ تیرا بہت شکر ادا کروں اور بکثرت

۳۳ آپ صلی اللہ علیہ وسلم عرفات میں یہ دعا مانگا کرتے تھے ترمذی رقم ۳۵۲۰ ص ۵۵۴، کنز العمال رقم ۳۶۳۷ ص ۱۸۰ ج ۲ ۳۴ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کو یہ دعا تعلیم فرمائی مسند احمد رقم ۱۰۱۷۹ ص ۱۴۶ ج ۱۶

ذِكْرَكَ وَاَتَّبِعُ نَصِيحَتَكَ وَاَحْفَظُ وَصِيَّتَكَ

تجھ کو یاد کروں اور چلوں تیری خیر خواہی پر اور یاد رکھوں تیری نصیحت کو

۳۵ اَللّٰهُمَّ اِنَّ قُلُوبَنَا وَنَوَاصِيَنَا وَجَوَارِحَنَا

الٰہی ہمارے دل اور ہماری پیشانیاں اور ہمارے اعضاء

بِيَدِكَ لَمْ تُمَلِّكْنَا مِنْهَا شَيْئًا فَاِذَا فَعَلْتَ ذٰلِكَ

تیرے ہاتھ میں ہیں تو نے ہمیں ان میں کسی پر کچھ بھی اختیار نہیں دیا پس جب ہمارے ساتھ

بِنَا فَكُنْ اَنْتَ وَلِيَّنَا وَاهْدِنَا اِلٰى سَوَآءِ السَّبِيلِ

ایسا کیا ہے تو تو ہمارا کارساز بن جا اور ہمیں سیدھے راستے پر چلا

۳۶ اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ حُبَّكَ اَحَبَّ الْاَشْيَآءِ اِلَيَّ

اے اللہ اپنی محبت کو میرے لئے تمام چیزوں سے زیادہ محبوب بنادے

وَاجْعَلْ خَشْيَتَكَ اَخْوَفَ الْاَشْيَآءِ عِنْدِي

اور اپنے خوف کو میرے نزدیک تمام چیزوں سے زیادہ ڈرنے کے لائق بنادے

وَاقْطَعْ عَنِّي حَاجَاتِ الدُّنْيَا بِالشَّوْقِ اِلٰى لِقَآئِكَ

اور مجھ سے دنیوی حاجتیں اپنی لقاء کے شوق کی وجہ سے قطع فرمادے

وَاِذَا اَقْرَرْتَ اَعْيُنَ اَهْلِ الدُّنْيَا مِنْ دُنْيَاهُمْ

اور جب تو دنیاداروں کی آنکھیں ان کی دنیا کے ذریعہ ٹھنڈی کرے

۳۵ كنز العمال رقم ۳۶۴۴ ص ۱۸۲ ج ۲ ۳۶ كنز العمال رقم ۳۶۴۸ ص ۱۸۲ ج ۲

فَاَقْرِرْ عَيْنِيْ مِنْ عِبَادَتِكَ

تو میری آنکھیں اپنی عبادت کے ذریعے ٹھنڈی فرما

۳۷ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَعُوْذُبِكَ مِنْ شَرِّ الْاَعْمَيَيْنِ

الٰہی میں تیری پناہ مانگتا ہوں دو اندھا دھند بلاؤں سے

السَّيْلِ وَالْبَعِيْرِ الصَّئُوْلِ

یعنی سیلاب اور حملہ آور اونٹ کے شر سے

۳۸ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْأَلُكَ الصِّحَّةَ وَالْعِفَّةَ

الٰہی میں تجھ سے مانگتا ہوں تندرستی و پارسائی

وَالْاَمَانَةَ وَحُسْنَ الْخُلُقِ وَالرِّضَا بِالْقَدْرِ

اور امانت داری وخوش خلقی اور رضا برقضا

۳۹ اَللّٰهُمَّ لَكَ الْحَمْدُ شُكْرًا وَّلَكَ الْمَنُّ فَضْلًا

الٰہی تیرے ہی لئے حمد ہے شکر کے ساتھ اور تیرا ہی احسان ہے تیرے فضل کے ساتھ

۴۰ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْئَلُكَ التَّوْفِيْقَ لِمَحَابِّكَ مِنَ

الٰہی میں تجھ سے مانگتا ہوں توفیق تیرے پسندیدہ اعمال کی

الْاَعْمَالِ وَصِدْقَ التَّوَكُّلِ عَلَيْكَ وَحُسْنَ الظَّنِّ بِكَ

اور تجھ پر سچا توکل اور تیرے ساتھ اچھا گمان مانگتا ہوں

۳۷ كنز العمال رقم ۳۶۴۹ ص ۱۸۳ ج ۲ ۳۸ كنز العمال رقم ۳۶۵۰ ص ۱۸۳ ج ۲

۳۹ المعجم الكبير رقم ۳۱۶ ص ۱۴۴ ج ۱۹ ۴۰ كنز العمال رقم ۳۶۵۴ ص ۱۸۳ ج ۲

۴۱ اَللّٰهُمَّ افْتَحْ مَسَامِعَ قَلْبِیْ لِذِكْرِكَ

الٰہی میرے دل کے کان اپنے ذکر کے لئے کھول دے

وَارْزُقْنِیْ طَاعَتَكَ وَطَاعَةَ رَسُوْلِكَ

اور مجھے اپنی فرمانبرداری اور اپنے رسول کی فرمانبرداری

وَعَمَلًا بِكِتَابِكَ

اور اپنی کتاب (قرآن) پر عمل نصیب فرما

۴۲ اَللّٰهُمَّ اجْعَلْنِیْ اَخْشَاكَ كَاَنِّیْ اَرَاكَ

الٰہی مجھے ایسا کردے کہ ہر وقت تجھ سے ایسا ڈروں گویا تجھے دیکھ رہا ہوں حتی کہ تجھ سے ملوں

اَبَدًا حَتّٰی اَلْقَاكَ وَاَسْعِدْنِیْ بِتَقْوَاكَ وَلَا تُشْقِنِیْ

اور مجھے اپنے تقوی کے ذریعے خوش نصیب بنا اور اپنی معصیت کے ذریعے بدنصیب نہ بنا

بِمَعْصِيَتِكَ وَخِرْ لِیْ فِیْ قَضَآئِكَ وَبَارِكْ لِیْ فِیْ

اور میرے لئے خیر مقدر فرما اور میرے امر مقدر میں برکت بخش

قَدْرِكَ حَتّٰی لَا اُحِبَّ تَعْجِيْلَ مَا اَخَّرْتَ وَلَا تَأْخِيْرَ

تا کہ نہ پسند کروں اس کا جلد آنا جسے تو نے مؤخر کیا اور نہ اس کا مؤخر کرنا جسے تو جلد لایا

مَا عَجَّلْتَ وَاجْعَلْ غِنَآئِیْ فِیْ نَفْسِیْ

اور میرے نفس میں بے نیازی رکھ دے

۴۱ المعجم الاوسط رقم ۱۲۸۶ ص ۷۲ ج ۲ ۴۲ المعجم الاوسط رقم ۵۹۸۲ ص ۱۲۱ ج ۶

۴۳ اَللّٰهُمَّ الْطُفْ بِیْ فِیْ تَیْسِیْرِ كُلِّ عَسِیْرٍ

الٰہی ہر دشوار کو آسان کر دینے میں مجھ پر کرم فرما

فَاِنَّ تَیْسِیْرَ كُلِّ عَسِیْرٍ عَلَیْكَ یَسِیْرٌ وَّ اَسْئَلُكَ

کہ ہر دشوار کا آسان کر دینا تجھ پر آسان ہے

الْیُسْرَ وَ الْمُعَافَاةَ فِی الدُّنْیَا وَ الْاٰخِرَةِ

اور میں تجھ سے دنیا و آخرت کی سہولت اور عافیت مانگتا ہوں

۴۴ اَللّٰهُمَّ اعْفُ عَنِّیْ فَاِنَّكَ عَفُوٌّ كَرِیْمٌ

اے اللہ مجھے معاف فرما تو بڑا کریم اور معافی دینے والا ہے

۴۳ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت جعفر رضی اللہ عنہ کو ہجرت حبشہ کے موقع پر یہ دعا سکھائی المعجم الاوسط رقم ۱۲۵۰ ص ۶۱ ج ۲ ۴۴ حصول خیر کی دعا المعجم الاوسط رقم ۷۷۳۶ ص ۳۶۷ ج ۷

پانچویں منزل بروز بدھ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

۱ اَللّٰهُمَّ طَهِّرْ قَلْبِيْ مِنَ النِّفَاقِ وَعَمَلِيْ

اے اللہ میرے دل کو نفاق سے، اور میرے عمل کو نمود سے

مِنَ الرِّيَآءِ وَلِسَانِيْ مِنَ الْكَذِبِ وَعَيْنِيْ مِنَ الْخِيَانَةِ

اور میری زبان کو جھوٹ سے اور میری آنکھ کو خیانت سے پاک کردے

فَاِنَّكَ تَعْلَمُ خَآئِنَةَ الْاَعْيُنِ وَمَا تُخْفِي الصُّدُوْرُ

بے شک تو جانتا ہے آنکھوں کی خیانت کو اور ان چیزوں کو جو سینے چھپا رکھتے ہیں

۲ اَللّٰهُمَّ ارْزُقْنِيْ عَيْنَيْنِ هَطَّالَتَيْنِ

الٰہی مجھے آنسو بہانے والی آنکھیں نصیب فرما

تَسْقِيَانِ الْقَلْبَ بِذُرُوْفِ الدَّمْعِ مِنْ خَشْيَتِكَ

جو تیرے خوف کی وجہ سے بہنے والے آنسوؤں کے سیلاب سے میرے قلب کو سیراب کریں

قَبْلَ اَنْ تَكُوْنَ الدُّمُوْعُ دَمًا وَّالْاَضْرَاسُ جَمْرًا

اس سے پہلے کہ آنسو خون اور داڑھیں انگارے بن جائیں

۱ كنز العمال رقم ۳٦٦٠ ص ۱۸۴ ج ۲ ۲ كنز العمال رقم ۳٦٦۱ ص ۱۸۴ ج ۲

٣ اَللّٰهُمَّ عَافِنِيْ فِيْ قُدْرَتِكَ وَاَدْخِلْنِيْ

اے اللہ مجھے اپنی قدرت میں امان عطا فرما اور مجھے

فِيْ رَحْمَتِكَ وَاقْضِ اَجَلِيْ فِيْ طَاعَتِكَ وَاخْتِمْ لِيْ

اپنی رحمت میں داخل فرما اور اپنی فرمانبرداری میں میری عمر گزار اور میرا میرے بہترین عمل پر

بِخَيْرِ عَمَلِيْ وَاجْعَلْ ثَوَابَهُ الْجَنَّةَ

میرا خاتمہ فرما اور جنت کو اس کا صلہ بنا

٤ اَللّٰهُمَّ اَغْنِنِيْ بِالْعِلْمِ وَزَيِّنِّيْ بِالْحِلْمِ

اے اللہ بذریعہ علم کے میری اعانت فرما اور مجھے خصلت حلم سے زینت بخش

وَاَكْرِمْنِيْ بِالتَّقْوٰى وَجَمِّلْنِيْ بِالْعَافِيَةِ

اور مجھے تقویٰ سے عزت بخش اور بذریعہ تندرستی کے جمال عطا فرما

٥ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَعُوْذُبِكَ مِنْ خَلِيْلٍ مَّاكِرٍ

اے اللہ میں تیری پناہ چاہتا ہوں ایسے مکار دوست سے

عَيْنَاهُ تَرَيَانِيْ وَقَلْبُهٗ يَرْعَانِيْ اِنْ رَّاٰى حَسَنَةً

جس کی آنکھیں مجھے تکتی ہیں اور اس کا قلب میری نگرانی میں لگا رہے کہ اگر کوئی خوبی دیکھے

دَفَنَهَا وَاِنْ رَّاٰى سَيِّئَةً اَذَاعَهَا

تو اسے مٹی میں ملا دے اور اگر کوئی برائی دیکھے تو اسے آشکارا کرے

٣ كنز العمال رقم ٣٦٦٢ ص ١٨٥ ج ٢ ٤ كنز العمال رقم ٣٦٦٣ ص ١٨٥ ج ٢

٥ کنز العمال رقم ٣٦٦٦ ص ١٨٥ ج ٢

٦ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِکَ مِنَ الْبُؤْسِ وَ التَّبَاؤُسِ

اے اللہ میں تیری پناہ مانگتا ہوں محتاجی سے اور محتاجانہ صورت بنانے سے

۷ اَللّٰھُمَّ لَا یُدْرِکْنِیْ زَمَانٌ وَّلَا یُدْرِکُوْا

اے اللہ نہ مجھے وہ زمانہ دیکھنا نصیب ہو اور اور نہ ان لوگوں کو وہ زمانہ نصیب ہو

زَمَانًا لَّا یُتَّبَعُ فِیْہِ الْعَلِیْمُ وَلَا یُسْتَحیٰ فِیْہِ

جس میں عالم کا اتباع نہ کیا جائے اور جس میں باوقار سے شرم نہ کی جائے

مِنَ الْحَلِیْمِ قُلُوْبُھُمْ قُلُوْبُ الْاَعَاجِمِ

کہ ان کے دل اہل عجم کے سے (سخت) ہوں

وَاَلْسِنَتُھُمْ اَلْسِنَةُ الْعَرَبِ

اور ان کی زبانیں اہل عرب کی سی (میٹھی) ہوں

۸ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِکَ مِنْ غَلَبَةِ الدَّیْنِ

اے اللہ میں تیری پناہ چاہتا ہوں قرض کی کثرت سے

وَغَلَبَةِ الْعَدُوِّ وَمِنْ بَوَارِ الْاَیِّمِ وَمِنْ فِتْنَةِ

اور دشمن کے غلبہ سے اور بیوہ کی بربادی سے

الْمَسِیْحِ الدَّجَّالِ

اور مسیح دجال کے فتنہ سے

٦ معرفۃ الصحابۃ لابی نعیم رقم ۲۶۰۵ ص ۲۴۶۵ ج ۵

۷ کنز العمال رقم ۳۶۸۶ ص ۱۸۹ ج ۲

۸ المعجم الاوسط رقم ۲۱۴۲ ص ۳۳۳ ج ۲

۹ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْٓ اَعُوْذُبِكَ مِنْ فِتْنَةِ النِّسَآءِ

اے اللہ میں تیری پناہ چاہتا ہوں عورتوں کے فتنہ سے

وَاَعُوْذُبِكَ مِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ

اور تیری پناہ چاہتا ہوں قبر کے عذاب سے

۱۰ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْٓ اَتَّخِذُ عِنْدَكَ عَھْدًا لَّنْ تُخْلِفَنِیْهِ

اے اللہ میں تجھ سے وعدہ لیتا ہوں جس کا تو خلاف نہ فرمائے گا

فَاِنَّمَآ اَنَا بَشَرٌ فَاَیُّمَا مُؤْمِنٍ اٰذَیْتُهٗ اَوْ شَتَمْتُهٗ

کہ میں بشر ہوں، پس جس مومن کو بھی میں نے ستایا ہو یا برا بھلا کہا ہو

اَوْ جَلَدْتُّهٗ اَوْ لَعَنْتُهٗ فَاجْعَلْھَا لَهٗ صَلٰوةً وَّزَكٰوةً

یا مارا ہو یا لعن کیا ہو تو ان ایذاؤں کو اس کے لئے رحمت اور طہارت وقربت

وَّقُرْبَةً تُقَرِّبُهٗ بِھَآ اِلَیْكَ

بنادے تاکہ اس کی وجہ سے اس کو اپنا مقرب بنالے

۱۱ اَللّٰھُمَّ اَنْتَ خَلَقْتَ نَفْسِیْ وَاَنْتَ تَوَفَّاھَا

اے اللہ تو نے ہی میرے نفس کو پیدا کیا اور تو ہی اسے وفات دے گا

لَكَ مَمَاتُھَا وَمَحْیَاھَآ اِنْ اَحْیَیْتَھَا فَاحْفَظْھَا

اس کا مرنا اور جینا تیرے ہی ہاتھ میں ہے اگر اس کو زندہ رکھے تو اس کی حفاظت فرما

۹ کنز العمال رقم ۳۶۸۷ ص ۱۸۹ ج ۲ ۱۰ اگر کسی کی حق تلفی کی ہو تو اس کے حق میں یہ دعا کی جائے مسند احمد رقم ۸۱۹۹ ص ۵۲۰ ج ۱۳، مسلم رقم ۲۶۰۱ ص ۱۰۴۶ ۱۱ رات کو سوتے وقت کی دعا مسلم رقم ۲۷۱۲ ص ۱۰۸۷، ترمذی رقم ۳۴۰۱ ص ۵۳۸

بِمَا تَحْفَظُ بِهٖ عِبَادَكَ الصَّالِحِيْنَ وَاِنْ اَمَتَّهَا

جیسے اپنے نیک بندوں کی حفاظت فرماتا ہے اور اگر اسے موت دے

فَاغْفِرْ لَهَا وَارْحَمْهَا اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْئَلُكَ الْعَافِيَةَ

تو اسے معاف فرما دینا اور اس پر رحم فرمانا الٰہی میں تجھ عافیت مانگتا ہوں

۱۲ اَللّٰهُمَّ حَصِّنْ فَرْجِيْ وَيَسِّرْ لِيْ اَمْرِيْ

الٰہی میری شرمگاہ کو پاکدامنی بخش اور میرے معاملات کو آسان فرما

۱۳ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْئَلُكَ تَمَامَ الْوُضُوْءِ

اے اللہ میں تجھ سے پورا وضو اور پوری نماز

وَتَمَامَ الصَّلٰوةِ وَتَمَامَ رِضْوَانِكَ وَتَمَامَ مَغْفِرَتِكَ

اور تیری پوری خوشنودی اور تیری پوری مغفرت مانگتا ہوں

۱۴ اَللّٰهُمَّ اَعْطِنِيْ كِتَابِيْ بِيَمِيْنِيْ

الٰہی مجھے میرا نامہ اعمال میرے داہنے ہاتھ میں عطا فرمانا

۱۵ اَللّٰهُمَّ بَيِّضْ وَجْهِيْ يَوْمَ تَبْيَضُّ الْوُجُوْهُ

الٰہی میرا چہرہ منور فرما دینا جس دن بہت سے چہرے منور ہوں گے

۱۶ اَللّٰهُمَّ غَشِّنِيْ بِرَحْمَتِكَ وَجَنِّبْنِيْ عَذَابَكَ

الٰہی مجھے اپنی رحمت سے ڈھانپ لینا اور مجھے اپنے عذاب سے دور رکھنا

۱۲ شرمگاہ کو دھوتے ہوئے دل ہی دل میں یہ دعا مانگے تحفۃ المحتاج رقم ۸۹ ص ۱۹۳ ج ۱ ۱۳ وضو کرتے وقت کی دعا مسند الحارث رقم ۶۹ ۴ ص ۵۲۶ ۱۴ دوران وضو دایاں ہاتھ دھوتے وقت کی دعا کتاب الاذکار للنووی باب ما یقول علی وضوئه ص ۷۴ ۱۵ دوران وضو چہرہ دھوتے وقت کی دعا کتاب الاذکار للنووی باب ما یقول علی وضوئه ص ۷۴ ۱۶ دوران وضو سر کا مسح کرتے وقت کی دعا العلل المتناهیة ص ۳۳۸ ج ۱

۱۷ اَللّٰھُمَّ ثَبِّتْ قَدَمَیَّ یَوْمَ تَزِلُّ فِیْہِ الْاَقْدَامُ

الٰہی اس دن میرا قدم جما دینا جس دن بہت سے پاؤں پھسل جائیں گے

۱۸ اَللّٰھُمَّ اجْعَلْنَا مُفْلِحِیْنَ

الٰہی ہمیں کامیاب لوگوں میں سے بنا

۱۹ اَللّٰھُمَّ افْتَحْ اَقْفَالَ قُلُوْبِنَا بِذِکْرِكَ

الٰہی ہمارے دلوں کے قفل اپنے ذکر سے کھول دے

وَاَتْمِمْ عَلَیْنَا بِنِعْمَتِكَ وَاَسْبِغْ عَلَیْنَا مِنْ فَضْلِكَ

اور ہم پر اپنا انعام پورا فرما، اور ہم پر اپنا فضل بھرپور کر

وَاجْعَلْنَا مِنْ عِبَادِكَ الصَّالِحِیْنَ

اور ہمیں اپنے نیک بندوں میں سے بنا

۲۰ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِكَ مِنْ اِبْلِیْسَ وَجُنُوْدِہٖ

الٰہی میں تیری پناہ مانگتا ہوں ابلیس اور اس کے لشکر سے

۲۱ اَللّٰھُمَّ اٰتِنِیْ اَفْضَلَ مَا تُؤْتِیْ عِبَادَكَ الصَّالِحِیْنَ

الٰہی مجھے وہ بہتر سے بہتر عطا فرما جو تو اپنے نیک بندوں کو عطا فرماتا ہے

۲۲ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِكَ اَنْ تَصُدَّ عَنِّیْ وَجْھَكَ

الٰہی میں تیری پناہ مانگتا ہوں اس سے کہ تو مجھ سے بروز قیامت اپنا رخ پھیرے

۱۷ دوران وضو پاؤں دھوتے وقت کی دعا البدر المنیر ص ۲۷۴ ج ۲ ۱۸ جب مؤذن حی علی الفلاح کہے تو یہ دعا مانگی جائے عمل الیوم واللیلة لابن السنی رقم ۹۲ ص ۷۴ ۱۹ اذان سنتے وقت کی دعا عمل الیوم واللیلة لابن السنی رقم ۱۰۰ ص ۸۰ ۲۰ مسجد سے نکلتے وقت کی دعا کتاب الاذکار للنووی رقم ۹۱ ص ۷۹ ۲۱ صف میں شامل ہوتے وقت کی دعا المستدرک رقم ۲۴۰۲ ص ۸۴ ج ۲ ۲۲ المعجم الکبیر رقم ۷۰۴۸ ص ۳۱۱ ج ۷

يَوْمَ الْقِيٰمَةِ اَللّٰهُمَّ اَحْيِنِيْ مُسْلِمًا وَّاَمِتْنِيْ مُسْلِمًا

الٰہی مجھے بحالت اسلام زندہ رکھنا اور مجھے بحالت اسلام موت دینا

۲۳ اَللّٰهُمَّ عَذِّبِ الْكَفَرَةَ وَاَلْقِ فِيْ قُلُوْبِهِمُ

الٰہی کافروں کو سزا دے اور ان کے دلوں میں رعب ڈال دے

الرُّعْبَ وَخَالِفْ بَيْنَ كَلِمَتِهِمْ وَاَنْزِلْ عَلَيْهِمْ

اور ان کے مشوروں میں اختلاف پیدا فرما دے اور ان پر اپنا وبال

رِجْزَكَ وَعَذَابَكَ

اور اپنا عذاب نازل فرما

۲۴ اَللّٰهُمَّ عَذِّبِ الْكَفَرَةَ اَهْلَ الْكِتٰبِ

الٰہی کفار اہل کتاب و مشرکین کو سزا دے

وَالْمُشْرِكِيْنَ الَّذِيْنَ يَجْحَدُوْنَ اٰيَاتِكَ وَيُكَذِّبُوْنَ

جو تیری آیتوں کا انکار کرتے ہیں اور تیرے پیغمبروں کو جھٹلاتے ہیں

رُسُلَكَ وَيَصُدُّوْنَ عَنْ سَبِيْلِكَ وَيَتَعَدَّوْنَ

اور تیرے راستے سے روکتے ہیں اور تیری حدود سے تجاوز کرتے ہیں

حُدُوْدَكَ وَيَدْعُوْنَ مَعَكَ اِلٰهًا اٰخَرَ لَآ اِلٰهَ اِلَّا

اور تیرے ساتھ دوسرے معبودوں کو پکارتے ہیں

۲۳ قنوت نازلہ کا ایک حصہ مصنف عبدالرزاق رقم ۴۹۶۸ ص ۱۱۰ ج ۳

۲۴ قنوت نازلہ کا ایک حصہ نتائج الافکار لابن حجر ص ۱۶۰ ج ۲

اَنْتَ تَبَارَكْتَ وَ تَعَالَيْتَ عَمَّا يَقُوْلُ

حالانکہ تیرے سوا کوئی معبود نہیں تو بابرکت و بلند ہے

الظَّالِمُوْنَ عُلُوًّا كَبِيْرًا

بہت ہی بلند اس سے جو ظالم کہتے ہیں

۲۵ اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لَنَا وَلِلْمُؤْمِنِيْنَ

الٰہی ہمیں اور ایمان والے مردوں اور عورتوں کو

وَالْمُؤْمِنَاتِ وَالْمُسْلِمِيْنَ وَالْمُسْلِمَاتِ وَاَصْلِحْهُمْ

اور اسلام والے مردوں اور عورتوں کو بخش دے اور ان کی اصلاح فرما

وَاَصْلِحْ ذَاتَ بَيْنِهِمْ وَاَلِّفْ بَيْنَ قُلُوْبِهِمْ وَاجْعَلْ

اور ان کو صلح باہمی عطا فرما اور ان کے دلوں میں اتفاق بخش اور ان کے دلوں میں

فِيْ قُلُوْبِهِمُ الْاِيْمَانَ وَالْحِكْمَةَ وَثَبِّتْهُمْ عَلٰى مِلَّةِ

ایمان اور دانش ڈال دے اور ان کو اپنے رسول کے طریقے پر قائم رکھ

رَسُوْلِكَ وَاَوْزِعْهُمْ اَنْ يَّشْكُرُوْا نِعْمَتَكَ الَّتِيْ

اور ان کو توفیق دے اس بات کی کہ تیری اس نعمت کا شکر کریں

اَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ وَاَنْ يُّوْفُوْا بِعَهْدِكَ الَّذِيْ

جو تو نے ان پر فرمائی ہے اور تیرے اس عہد و پیمان کو پورا کریں

۲۵ قنوت نازلہ کا ایک حصہ مصنف عبدالرزاق رقم ۴۹۶۸ ص ۱۱۰ ج ۳

عَاهَدْتَّهُمْ عَلَيْهِ وَانْصُرْهُمْ عَلٰى عَدُوِّكَ

جوتو نے ان سے لیا ہے اور ان کو اپنے اور ان کے دشمن پر

وَعَدُوِّهِمْ اِلٰهَ الْحَقِّ

غلبہ عطا فرما، اے معبود برحق

۲۶ سُبْحٰنَكَ لَآ اِلٰهَ غَيْرُكَ اِغْفِرْ لِيْ ذَنْبِيْ

تو پاک ہے تیرے سوا کوئی معبود نہیں میرے گناہ بخش دے

وَاَصْلِحْ لِيْ عَمَلِيْ اِنَّكَ تَغْفِرُ الذُّنُوْبَ لِمَنْ تَشَآءُ

اور میرے اعمال سنوار دے کہ تو جس کے بھی چاہتا ہے گناہ بخش دیتا ہے

وَاَنْتَ الْغَفُوْرُ الرَّحِيْمُ يَا غَفَّارُ اغْفِرْ لِيْ يَا تَوَّابُ

اور تو غفور ورحیم ہے اے غفار میری مغفرت فرما اے تواب مجھ پر عنایت فرما

تُبْ عَلَيَّ يَا رَحْمٰنُ ارْحَمْنِيْ يَا عَفُوُّ اعْفُ عَنِّيْ

اے رحمٰن مجھ پر رحم فرما اے معافی دینے والے مجھے معاف کردے

يَا رَءُوْفُ ارْءُفْ بِيْ يَا رَبِّ اَوْزِعْنِيْ اَنْ اَشْكُرَ

اے شفیق مجھ پر شفقت فرما اے پروردگار مجھے توفیق دے کہ تیری اس نعمت کا شکرادا کروں

نِعْمَتَكَ الَّتِيْ اَنْعَمْتَ عَلَيَّ وَطَوِّقْنِيْ حُسْنَ

جوتو نے مجھ پر فرمائی اور مجھے اپنی اچھی عبادت کا پابند کردے

۲۶ دوران نماز تشہد کی حالت میں مانگی جانے والی دعا مجمع الزوائد رقم ۲۸۶۲ ص ۳۳۷ ج ۲

عِبَادَتِكَ يَا رَبِّ اَسْئَلُكَ مِنَ الْخَيْرِ كُلِّهٖ يَا رَبِّ

اے رب میں تجھ سے ہر قسم کی خوبی مانگتا ہوں اے رب

افْتَحْ لِيْ بِخَيْرٍ وَّاخْتِمْ لِيْ بِخَيْرٍ وَّاٰتِنِيْ تَشَوُّقًا اِلٰى

میری ابتدا بھی بخیر فرما اور میرا انجام بھی بخیر فرما اور مجھے اپنی ملاقات کا شوق عطا فرما

لِقَآئِكَ مِنْ غَيْرِ ضَرَّآءَ مُضِرَّةٍ وَّلَا فِتْنَةٍ مُّضِلَّةٍ

بلاکسی ضرر رساں مضرت کے اور بلاکسی گمراہ کن فتنہ کے

وَّقِنِي السَّيِّاٰتِ وَمَنْ تَقِ السَّيِّاٰتِ يَوْمَئِذٍ فَقَدْ

اور مجھے بد حالیوں سے بچا اور جسے بھی تو نے اس دن بد حالیوں سے بچالیا

رَحِمْتَهٗ وَذٰلِكَ هُوَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ

اس پر تو نے بڑا ہی کرم فرمایا اور یہی بڑی کامیابی ہے

۲۷ اَللّٰهُمَّ لَكَ الْحَمْدُ كُلُّهٗ وَلَكَ الشُّكْرُ كُلُّهٗ

اے اللہ تیری ہی لئے سب حمد ہے اور تیری ہی لئے سب شکر ہے

وَلَكَ الْمُلْكُ كُلُّهٗ وَلَكَ الْخَلْقُ كُلُّهٗ بِيَدِكَ الْخَيْرُ

اور تیری ہی لئے سارا ملک ہے اور ساری مخلوق تیری ہی ہے سب بھلائی تیرے ہاتھ میں ہے

كُلُّهٗ وَاِلَيْكَ يَرْجِعُ الْاَمْرُ كُلُّهٗ

اور ہر کام کا انجام تیری ہی طرف ہے

۲۷ اللہ تعالیٰ کی حمد و ثناء مسند احمد رقم ۲۳۳۵۵ص ۳۷۸ ج ۳۸

۲۸ اَسْئَلُكَ مِنَ الْخَيْرِ كُلِّهٖ وَ اَعُوْذُ بِكَ

میں تجھ سے ہر قسم کی خوبی مانگتا ہوں اور تیری پناہ چاہتا ہوں

مِنَ الشَّرِّ كُلِّهٖ

ہر قسم کی برائی سے

۲۹ بِسْمِ اللّٰهِ الَّذِىْ لَآ اِلٰهَ غَيْرُهٗ

اس اللہ کے نام کے ساتھ جس کے سوا کوئی معبود نہیں

اَللّٰهُمَّ اَذْهِبْ عَنِّى الْهَمَّ وَ الْحُزْنَ

الٰہی مجھ سے فکر و غم زائل فرما دے

۳۰ اَللّٰهُمَّ بِحَمْدِكَ انْصَرَفْتُ وَ بِذَنْبِى

الٰہی تیرا ثنا خواں بن کر میں آیا ہوں اور اپنے گناہ کا معترف ہوں

اعْتَرَفْتُ وَ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ شَرِّ مَا اقْتَرَفْتُ

اور تیری پناہ مانگتا ہوں ان کاموں کے شر سے جس کا مرتکب ہوا ہوں

وَ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ جَهْدِ الْبَلَآءِ وَ مِنْ عَذَابِ الْاٰخِرَةِ

اور تیری پناہ چاہتا ہوں سخت امتحان سے اور آخرت کے عذاب سے

۳۱ اَللّٰهُمَّ اِنِّىْ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ كُلِّ عَمَلٍ

اے اللہ میں تیری پناہ مانگتا ہوں ہر ایسے عمل سے

۲۸ دوران نماز تشہد کی حالت میں مانگی جانے والی دعا مجمع الزوائد رقم ۲۸۶۲ ص ۳۳۷ ج ۲

۲۹ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نماز کے بعد دایاں ہاتھ سر پر رکھ کر یہ دعا مانگتے الجامع الصغیر رقم ۶۷۴۱ ص ۴۱۸

